بسم الله الرحمن الرحيم

# THE
# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

*Tuesday, the 3rd February, 2026*

## TABLE OF CONTENTS


1. RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN ....... 1
2. RECITATION OF HADITH ....... 1
3. RECITATION OF NAAT ....... 2
4. NATIONAL ANTHEM ....... 2
5. LEAVE OF ABSENCE ....... 2
6. FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARY IN BALOCHISTAN ....... 5
7. ANNOUNCEMENT *REG*: PRESENCE OF STUDENTS AND FACULTY MEMBERS FROM ALLAMA IQBAL LAW COLLEGE, SARGODHA IN THE GALLERY ....... 15
8. FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARLY IN BALOCHISTAN ....... 15
9. RESOLUTION CONDEMNING THE RECENT TERRORIST ATTACKS IN BALOCHISTAN TARGETTING CIVILIANS AND EMPLOYING HENIOUS, INHUMAN TACTICS – *(ADOPTED)* ....... 20
10. FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARLY IN BALOCHISTAN ....... 23
11. MOTION FOR SUSPENSION OF RULES 51,55,57 AND 158 IN ORDER TO TAKE UP A RESOLUTION – *(ADOPTED)* ....... 29
12. RESOLUTION EXPRESSING SOLIDARITY WITH KASHMIRI PEOPLE FOR THEIR STRUGGLE TO THE RIGHT OF SELF DETERMINATION AND CONDEMNING THE ACT OF CHANGING DEMOGRAPHIC STRUCTURE OF THE REGION IN INDIAN ILLEGALLY OCCUPIED JAMMU AND KASHMIR (IIOJK) – *(ADOPTED)* ....... 29
13. FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARLY IN BALOCHISTAN – *(CONCLUDED)* ....... 31
14. ANNOUNCEMENT *REG*: PRESENCE OF A GROUP OF NEWLY ELECTED MEMBERS FROM CHITRAL PRESS CLUB, CHITRAL IN THE GALLERY ....... 52

# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
# ASSEMBLY DEBATES

————————

*Tuesday, the 3rd February, 2026*

————————

The National Assembly of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at 11:15 a.m. with the honourable Speaker (Sardar Ayaz Sadiq) in the Chair.

————————

## RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔

اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا
مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ﴿۱۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ
وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ۚ﴿۱۵﴾

(سورۃالانفال،آیات:12تا15)

[ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

جب تمہارا پروردگار فرشتوں کو ارشاد فرماتا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، تم مومنوں کو تسلی دو کہ ثابت قدم رہیں، میں ابھی ابھی کافروں کے دلوں میں رعب اور ہیبت ڈالے دیتا ہوں۔ ان کے سر مار (کر) اڑا دو اور ان کا پور پور مار (کر توڑ) دو۔ یہ (سزا) اس لیے دی گئی کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کی،اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ بھی سخت عذاب دینے والا ہے۔ یہ (مزہ تو یہاں) چکھو ،اور یہ (جانے رہو) کہ کافروں کے لیے (آخرت میں) دوزخ کا عذاب (بھی تیار) ہے۔اے اہل ایمان! جب میدان جنگ میں کفار سے تمہارا مقابلہ ہو تو ان سے پیٹھ نہ پھیرنا۔]

## RECITATION OF HADITH

وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ : لَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا
وَلَا تَدَابَرُوْا، وَلَا تَقَاطَعُوْا،
وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا، وَ
لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ
فَوْقَ ثَلَاثٍ

[ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ آپس میں نہ بغض رکھو، نہ حسد کرو، نہ دشمنی کرو، نہ قطع تعلق کرو اور اللہ کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ، اور کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رکھے۔]

## RECITATION OF NAAT

محبوب ہے کیا صلی علیٰ نام محمد

آنکھوں کی ضیاء دل کی جلا نام محمد

تکبیر میں کلمہ میں نمازوں میں اذاں میں

ہے نام الٰہی سے ملا نام محمد

طوفاں سے وہی پار ہوئی نوح کی کشتی

جب نوح نے کشتی پر لکھا نام محمد

## NATIONAL ANTHEM

**جناب سپیکر:** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ میں پہلے نام پڑھ دوں پھر اکٹھے ہی ان کی leave grantہو گی یا نہیں؟

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Speaker:** Leave applications.

**Mr. Speaker:** Mr. Sadiq Iftikhar has requested for the grant of leave for 12th, 13th, 21st and 22nd January, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Abdul Ghaffar Watto has requested for the grant of leave from 12th to 21st January, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Hamza Shehbaz Sharif has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Ali Sarfraz has requested for the grant of leave from 16th to 21st January, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mian Muhammad Nawaz Sharif has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Shandana Gulzar Khan has requested for the grant of leave for 21st January, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Faisal Amin Khan has requested for the grant of leave for 21st and 22nd January and 3rd February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Chaudhry Tariq Bashir Cheema has requested for the grant of leave for 2nd and 3rd February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Khan Muhammad Saddique Khan Balooch has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Moin Aamer Pirzada has requested for the grant of leave for 12th and 19th January, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Mehmood Qadir Khan has requested for the grant of leave from 2nd, 3rd and 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Jam Abdul Karim Bijar has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Muneeba Iqbal has requested for the grant of leave from 2nd to 4th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Munaza Hassan has requested for the grant of leave from 2nd to 12th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Syed Javed Ali Shah Jillani has requested for the grant of leave from 2nd to 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Dr. Nafisa Shah has requested for the grant of leave from 2nd to 5th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Shagufta Jumani has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Malik Asad Sikandar has requested for the grant of leave for 23rd Session and whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Ali Jan Mazari has requested for the grant of leave for 2nd and 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Nauman lslam Shaikh has requested for the grant of leave for 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Khurshid Ahmed Junejo has requested for the grant of leave for 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Saad Ullah has requested for the grant of leave from 3rd February, 2026 till the conclusion of the Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Moazzam Ali Khan has requested for the grant of leave for 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Naz Baloch has requested for the grant of leave for 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro has requested for the grant of leave for 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Izbal Zehri has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Samar Haroon Bilour has requested for the grant of leave for 2nd February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Saeeda Jamshid has requested for the grant of leave for 2nd February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Muhammad Jawed Hanif Khan has requested for the grant of leave for 2nd February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Nelson Azeem has requested for the grant of leave from 2nd to 10th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Ms. Aasia Ishaque Siddiqui has requested for the grant of leave for 6th February, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Ali Pervaiz, Minister for Energy (Petroleum Division) has informed that he would not be able to attend the Session from 2nd to 6th February, 2026.

For information

## FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARY IN BALOCHISTAN

**جناب سپیکر:** ابMotionپر آجاتے ہیں، عالیہ صاحبہ آپ بات کرنا چاہتی ہیں۔

**Mr. Speaker:** This House may discuss the prevailing law and order situation in the country particularly in Balochistan.

**محترمہ عالیہ کامران:** شکریہ جناب سپیکر! جس طرح سے کل بات ہو رہی تھی اور میں نے بھی بات کی بلوچستان کے حوالے سے تو اسی وقت اطلاعات آرہی تھیں کہ مستونگ میں تین دھماکے سنے گئے تھے اور نوشکی میں ابھی تک صورتحالcontrolمیں نہیں ہے اور اس کے علاوہ میں نے یہاں پر سوال اٹھایا تھا کہ بلوچستان کے کچھ علاقوں سے ابھی تک اچھی اطلاعات موصول نہیں ہو رہی ہیں۔ تو وہ ہمارے لیے تشویش کا باعث ہے۔ اس دن میں یہاں پر تھی جب یہ واقعہ ہوا۔ ہمارے گھر والے جس اذیت سے اس وقت گزرے۔ جناب سپیکر! کوئٹہ کے حالات میں آپ کو بتا سکتی ہوں سر! ان شہریوں کی کیا کیفیت تھی تو میرے خیال میں اس سے شہری ایک تکلیف کے اندر مبتلا ہوئے۔ چند سوالات میں نےHouseمیں رکھے تھے تو میرے خیال میں ان کا جواب بھی آنا بہت ضروری ہے۔ جس طرح بتایا گیا ہے کہ 177 دہشت گرد اس میں جہنم واصل ہوئے ہیں۔ سر! صبح صادق کے وقت وہ حملہstartکرتے ہیں اور ہفتہ کا دن وہchooseکرتے ہیں اورBalochistan Universityکوtargetکیا جا رہا ہے، وہ کیا چاہتے تھے۔

وہ City School میں بھی گئے تو وہاں پر بچوں کی چھٹیاں چل رہی ہیں اور وہاں پر سردیوں کی وجہ سے سکول کی چھٹیاں ہیں، تو یہ انتہائی serious معاملات ہیں۔

سر! میں آپ کی توجہ چاہتی ہوں کہ ان معاملات کو سنجیدگی کے ساتھ دیکھا جائے۔ جس کا بار بار اظہار ہمارے قائد مولانا فضل الرحمٰن صاحب اس House میں کر چکے ہیں۔ اگر ان معاملات پر ہم نے بات چیت نہیں کی، اگر ہم نے ان معاملات کو سنجیدہ نہیں لیا تو کسی بڑے نقصان کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ ہم بار بار اس چیز کی طرف توجہ دلا رہے ہیں اور یہاں پر کہا جاتا ہے کہ جو دہشت گرد ہیں، میں بالکل دہشت گردی کی حمایت نہیں کر رہی ہوں۔ یہ دہشت گردی اور دہشت گردوں کے کسی بھی stage پر کسی بھی حالت میں حمایت نہیں ہو سکتی، نہ کی جائے گی۔ لیکن محترم، یہ بھی تو دیکھا جائے۔ خدا کے لیے ان بچوں کو بچا لیجیئے خدا کے لیے بلوچستان کے ان بچوں کو بچا لیجئیے اور بات چیت سے ان مسائل کو حل کیجیئے تاکہ میرے بلوچستان کا کوئی بھی بچہ اس طرح کا قدم نہ اٹھائے۔ سر، بہت مہربانی ہو گی آپ کا شکریہ۔

**جناب سپیکر:** شکریہ صوفیہ سعید صاحبہ۔

**محترمہ صوفیہ سعید شاہ:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میں پاکستان میں ہونے والے سارے حملوں کی مذمت کرتی ہوں، MQM Pakistan کی طرف سے اور خاص طور پر جو آج کل کے حالات بلوچستان میں، KP میں اور جہاں بھی ہو رہے ہیں، ان کے لیے، یہ جو فتنہ الخوارج طالبان، فتنہ الہندوستان، BLA، اس معاملے کو بہت سنجیدگی سے دیکھنا چاہیئے اور ان کو اور ان کی support کرنے والوں کو سختی سے نمٹنا چاہیئے، تب ہی کوئی بہتری آئے گی۔ ایک یہ سوال کل raise ہوا کہ ہمارے ادارے دیر سے کیوں پہنچتے ہیں، جب وہ اندر آ جاتے ہیں تو اس کے لیے کیا ہم ذمہ دار نہیں ہیں؟

میرے خیال میں ہم اور ہماری حکومتیں بھی ذمہ دار ہیں، یہ گلی، محلے جو ہیں ان کی دیکھ بھال کرنا ہمارا فرض بنتا ہے۔ اور وہ کس طریقے سے؟ اگر بلدیاتی ادارے مضبوط ہوں گے اور بلدیاتی حکومتیں مضبوط ہوں گی تو اس سے ان چیزوں کی دیکھ بھال ہو سکے گی اور یہی ادارے سب سے پہلے اس چیز کو takeover کریں گے اور point out کریں گے کہ یہ کوئی ہمارے علاقے میں، گلی محلوں میں کوئی غلط کارروائی ہو رہی ہے۔

اس کے بعد جو ہمارا National Action Plan 2013 کا تھا۔ ہمیں اس کو دیکھنا چاہیئے، جس میں ساری political parties نے participate کیا اور اس کو دیکھا۔ اگر ہم اس چیز کو دیکھیں تو یقیناً ہم سب جو آج ساتھ ہیں اسی plan کے تحت ہم اس چیز کو بھی cover کر لیں گے۔

اب میں اپنی افواج کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں جنہوں نے ان واقعات میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ میں ان کی خدمات کو سلام پیش کرتی ہوں۔ بہت شکریہ۔

**جناب سپیکر:** عثمان بادینی صاحب۔

**جناب محمد عثمان بادینی:** شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! دہشت گردی دنیا میں کہیں بھی ہو وہ قابل قبول نہیں ہے خواہ وہ پاکستان میں ہو یا پاکستان سے باہر ہو۔ لیکن پچھلے 48 گھنٹوں سے جو بلوچستان میں آگ لگی ہے، بلوچستان کے مختلف شہروں میں۔ میرا اپنا تعلق ضلع نوشکی سے ہے، میں نوشکی کا رہنے والا ہوں اور میرا حلقہ دالبندین، چاغی، خاران، واشک، یہ چار اضلاع ہیں، چاروں اضلاع یرغمال تھے۔

چاروں اضلاع میں حالت ایسی تھی کہ جو میری بہنیں تھیں وہ گھروں میں محصور، جو مرد حضرات تھے وہ بھی محصور، وہ باہر اگر نکلتے تو پتہ نہیں چلتا تھا کہ کس کے ہاتھ لگیں گے۔ کیونکہ وہاں پہچان نہیں تھی کہ آیا یہ باہر سے آیا ہوا ہے کہ اس ملک کے رہنے والوں میں سے ہے۔

دوسری جانب اگر ہم بلوچستان کو دیکھیں اور بلوچستان پہ سوچیں۔ تو بلوچستان کے لیے ہمیشہ اس Floor پہ ہم باتیں کرتے رہے، بولتے رہے، خدارا بلوچستان کو سنبھالو، بلوچستان ہمارے ہاتھوں سے نکل رہا ہے۔ اور جتنے بھی لوگ آئے ہیں یا جتنے بھی لوگوں نے حملہ کیا ہے وہ کہیں باہر سے نہیں آئے۔ وہ سب کے سب بلوچستان کے رہنے والے لوگوں میں سے ہیں۔

اب بات یہاں سے شروع ہوتی ہے کہ آیا وہ کیوں ایسا کر رہے ہیں؟ کس کی ایماء پہ کر رہے ہیں۔ اگر ہم بات کرتے ہیں کہ جی وہ بھوک کی وجہ سے کر رہے ہیں تو جواب ہمیں ملتا ہے نہیں جی بھوک تو پنجاب میں بھی ہے، بھوک تو سندھ میں بھی ہے، بھوک KP میں بھی ہے۔ لیکن اگر پنجاب کے انسان کو اپنا حق لینا نہیں آتا، اپنے حق کے لیے نہیں روتا۔ تو بلوچستان کا بچہ اگر اپنے حق کے لیے رو رو کے تھک جاتا ہے، یا اپنے بچوں کو کھانا نہیں دے سکتا اور جواب ہمیں یہی ملتا ہے کہ نہیں۔

دوسری جانب میں تو سمجھا تھا محمود خان صاحب بلوچستان کے ہمارے ایک بزرگ اور ہم سب کے لیے قابل احترام ہیں۔ لیکن افسوس اس بات کا ہوا کہ کل اس نے بلوچستان کو تقسیم کر دیا۔ بلوچستان کو اپنے حوالے کیا جی بلوچستان کا میں ہوں۔ او جی بلوچستان کے آپ ہوں گے، بلوچستان کے 66 صوبائی اسمبلی کے ممبرز ہیں۔ جس میں سے 20 پشتون ہیں باقی سب بلوچ ہیں۔ قومی اسمبلی میں 16 ممبر ہیں اور 16 میں سے چار پشتون ہیں باقی سارے بلوچ ہیں۔

یہ وقت نہیں ہے بلوچستان کو تقسیم کرنے کا، یہ وقت نہیں ہے ایسی باتیں کرنے کا۔ اگر کوئٹہ کی بات کرتے ہیں تو جلوگیر سے ٹیکس بلوچی وصول کرتا رہا ہے۔ جلوگیر جو ہے کچلاک میں ہے اور وہاں سے Start ہوتا ہے بلوچستان، بلوچستان کے چند لوگ ہیں، بلوچستان میں چند سردار ہیں ان کی سرداری ہے۔ جتنے سردار گننے ہیں وہ سارے سردار بلوچ ہیں اور بلوچستان کے 32 ڈسٹرکٹ میں سے 26 ڈسٹرکٹ آج بھی بلوچ کے ہیں۔ ہم بلوچ، پشتون کی تقسیم میں نہیں جاتے ہیں۔

میرا تعلق جمیعت علماء اسلام سے ہے۔ جمیعت علماء اسلام صرف انسانیت اور مسلمان پہ بھروسہ کرتی ہے۔ ہم قبائل پہ، قوموں پہ، زبانوں میں بھروسہ نہیں کرتے ہیں۔ جمیعت علماء اسلام میں پشتون بھی ہیں، بلوچ بھی ہیں، سندھی بھی ہیں، پنجابی بھی ہیں۔ اگر میں غلط نہیں ہوں تو میرے پنجاب کے ساتھی یہاں بیٹھے ہیں۔ پنجاب میں تو بلوچ کی آبادی پانچ کروڑ ہے۔ ہم نے تو کبھی دعویٰ نہیں کیا کہ جی پنجاب ہمارا ہے۔ اور سندھ میں تو ہم کہتے ہیں

سندھیوں سے بھی زیادہ وہاں بلوچ قوم رہتی ہے۔ لیکن بلوچ نے اس سندھ کی دھرتی کے لیے اپنا خون بھی دیا اور محنت بھی کی اور کبھی یہ نہیں کہا کہ بھئی سندھ میں ہم رہتے ہیں تو سندھ کا حصہ سارا ہمارا ہے۔

او بھائی اس تقسیم میں کیوں پڑتے ہو؟ ایک طرف تو وہاں باہر سے لوگ پیسے دے دے کے ہمیں تباہ کر رہے ہیں۔ دوسری جانب ہم اپنے گھر کے اندر ان سب۔ ہمارے لیے محمود خان صاحب بصد احترام۔ لیکن تاریخ بیان کرنے سے پہلے زمینی حقائق بھی اپنی جگہ پہ موجود ہیں۔

خواجہ صاحب نے بھی کل ذکر کیا کہ بلوچستان میں سب سے زیادہ airports ہیں۔ میرے حلقے میں چھ ایئرپورٹ ہیں۔ فلائٹ تو ایک بھی نہیں ہے۔

دوسری جانب اگر ہم جاتے ہیں ڈسٹرکٹ گوادر میں، ڈسٹرکٹ گوادر میں پانچ ایئرپورٹ ہیں۔ ہفتے میں ایک فلائٹ جاتی ہے۔ ایئرپورٹس کے زیادہ ہونے سے لوگوں کو سہولتیں نہیں ملتیں۔

دوسری جانب reko diq میں رہنے والے لوگ، میرے بچے، جب نوکریوں کے لیے apply کرتے ہیں تو ان کو online apply کرنا پڑتا ہے۔ وہاں net نہیں ہے۔ اب وہ بچہ لڑے نہیں، روئے نہیں کسی اور کے حوالے نہ ہو؟ تو کس کے حوالے ہو؟ ان بچوں کے لیے روتے، روتے روتے اس Floor پہ لوگ تھک گئے۔ لوگ Floor چھوڑ کے اپنے گھر بھی چلے گئے۔

اگر پاکستان کا قرضہ ختم کرنے والا ہے تو بلوچستان کر سکتا ہے، چاغی کر سکتا ہے، رخشان کر سکتا ہے اور رخشان کی آبادی ٹوٹل 10 لاکھ ہے۔ لیکن رخشان کے بچے آج بھی پیاسے ہیں، بھوکے ہیں، نوکری کے بغیر ہیں۔

ہم بات کرتے ہیں پھر دوبارہ جواب یہی آتا ہے کہ جی یہ بھوک کی وجہ سے نہیں۔ بارڈر ٹریڈ ہم نے چاہا، بارڈر پہ کام ہو۔ اس کو سمگلنگ کا نام دے کے بند کیا گیا۔

دوسری جانب اگر ہم بجلی کی بات کرتے ہیں تو بجلی صرف اور صرف ایک گھنٹہ ملتی ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ جی بلوچستان کو تو اس کا حق ہم دے رہے ہیں۔ ظالمو! 24 گھنٹے میں ایک گھنٹے کو آپ حق بولتے ہو۔ اگر 24 گھنٹے میں ایک گھنٹہ حق ہے تو اللہ آپ کو نصیب کرے یہ سارا حق۔ اللہ آپ سب کو یہ سب کچھ دے۔ آبادی آپ کی۔ دوسری جانب گوادر ہم نے بنایا، گوادر میں ہم نے کام کیا، CPEC کے نام پہ پورے پنجاب اور پاکستان میں projects ہیں۔ پورے پاکستان میں بچے scholarships پہ گئے۔ لیکن کیوں ہمارے بلوچستان کے بچے نہیں جا سکتے؟ یہ آج جو آگ لگی ہے، آج جو کوئٹہ جلا ہے، چاغی جلا ہے، خاران جلا ہے، نوشکی جلا ہے، خضدار جلا ہے، یہ سب جلنے کی وجہ لوگوں کا حق نہیں ملنا ہے۔ اور یہاں دومنٹ میں آپ اعلان کرتے ہو، یہ غدار ہے یہ اچھا ہے۔ اور وہ برا ہے۔ بھئی بناؤ ہم سب کو غدار، مار دو ہم سب کو۔ اگر دوسری جانب ان ظالم لوگوں کو پیسے دے کر یہ سب کچھ کروا رہا ہے، میں اس سرکار سے پوچھنا چاہتا ہوں آپ اُن کا حق دے کر اُن کو کیوں نہیں روک رہے؟ آپ اُس بچے کو اس کا حق دو۔ جب بچے کو اُس کا حق ملے گا مجال ہے کہ کوئی کسی اور کے حوالے ہو جائے۔ حق ہم اپنی اولاد کو نہیں دیتے ہیں اور روتے دنیا سے ہیں۔

دوسری جانب، ہمارے منہ میں خاک ہم نہیں چاہتے کہ پاکستان کے کسی صوبے میں یا کسی شہر میں ایسے حالات ہوں جو پچھلے 48 گھنٹے سے ہم نے دیکھے ہیں۔ بلوچ سرزمین، بلوچستان کے لوگ، خدا کی قسم بھکاری نہیں ہیں۔ بلوچستان کے پاس اتنے وسائل ہیں کہ ہم باقی پاکستان کو سنبھال سکیں۔ ان سب واقعات کو دور کرنے کا، میں کل یہ سمجھ رہا تھا کہ خان صاحب ہمیں کوئی solution دیں گے کہ بھئی یہ solution ہے، ہم اس طریقے سے چلتے ہیں، اس طریقے سے یہ معاملات رکیں گے۔ کل کی متنازعہ بات کرکے کوئٹہ بھی میرا، بلوچستان بھی پورا میرا، بھئی اللہ آپ سب کے نصیب میں کرے، ہمیں صرف امن میں رہنے دو، ہمارے لوگوں کو کاروبار دو، ہمارے بچوں کو صاف پانی دو، دیکھیں چاغی، رخشان، بلوچستان وہ ہے جس بلوچستان نے اپنے سینے میں ایٹم بم کو محفوظ کیا۔ اُسی چاغی میں یہ سارے mining ہیں، اُس چاغی سے ہم پورے پاکستان کے قرضے ختم کرسکتے ہیں لیکن جب اُس چاغی کے اندر آگ جل رہی ہے، اُس چاغی کا اپنا بچہ آگ جلا رہا ہے تو اس چیز کو تو ہم ڈھونڈیں وہ بچہ کیوں آگ جلا رہا ہے؟ کوئی بھی ماں باپ اپنے بچوں کو مرنے کیلئے پیدا نہیں کرتا۔ ہماری بدبختی شاید یہ ہوگئی کہ وہ بچے پڑھ گئے ہیں، وہ اپنے حق کو سمجھ رہے ہیں۔ جب اپنے حق کو سمجھ رہے ہیں، پڑھ رہے ہیں تو وہ باغی ہو رہے ہیں۔ وہ ہم سب کو چھوڑ چکے ہیں۔ سیاسی لوگوں کیلئے ground ختم ہو چکا ہے۔ سیاسی لوگ موجود نہیں ہیں، سیاستدان صرف تقریروں تک محدود ہیں۔ میں بھی اپنا گلا پھاڑ رہا ہوں، تھوڑی دیر بعد میں بھی خاموش ہو جاؤں گا۔

آپ کہتے ہیں بلوچ آرمی سے نفرت کرتا ہے، او بھائی بلوچستان میں صرف نوشکی کے اس وقت آرمی میں 70 کے قریب آفیسرز ہیں، ہماری آبادی 2 لاکھ ہے۔ بلوچ آرمی سے نفرت نہیں کرتا، بلوچوں کی نفرت بھوک سے ہے۔ جب بھوک ختم ہو جاتی ہے، خواجہ صاحب معذرت کے ساتھ میں نے آپ کا نام لیا، ہمارے بڑے ہیں لیکن ہر چیز سمگلنگ نہیں ہوتی۔ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں، پورے بلوچستان میں ہمارے 32 districts میں سے صرف اور صرف 8 districts ایسے ہیں جس میں پٹرول پمپ سٹیشن ہیں، جہاں سے پٹرول ملتا ہے، باقی جگہوں پر تو پٹرول بھی نہیں ملتا۔ اب وہ بندہ خواہ اس کو fuel ایران سے ملے یا افغانستان سے ملے، کہیں سے بھی ملے اُس نے تو اپنی گاڑی چلانی ہے۔ دوسری جانب خوراک کا بھی یہی حال ہے۔ خدا کیلئے بلوچستان کے نام پر کسی کو سیاست کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بلوچستان کیلئے کسی کو رونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر کسی کا بس چلتا ہے تو بلوچستان کے لوگوں کو، بلوچستان کے بچوں کو اُن کا حق دیں۔

کل بات نوابوں اور سرداروں کی ہو رہی تھی، ہونگے بڑے نواب، ہونگے بڑے سردار لیکن آج جو حالت ہے ان سب بڑے سرداروں کو کہتا ہوں یہ سارے آگ کو بجھاؤ۔ اس آگ کو بجھا نہیں سکتے ہیں، نہ کوئی نواب بجھا سکتا ہے اور نہ کوئی سردار بجھا سکتا ہے۔ آج جتنے بھی لوگ میدان میں نکلے ہیں وہ سارے پڑھے لکھے ہیں، ان کو کوئی پڑھا لکھا بندہ ہی سمجھا سکتا ہے۔ جو اس ملک کے دشمن ہیں وہ میرے بھی دشمن ہیں، وہ آپ کے بھی دشمن ہیں وہ ہمارے بچوں کے بھی دشمن ہیں لیکن یہ نہ ہو کہ بلوچستان کے حق کیلئے جو بات کرے وہ خراب ہے اور غدار ہے۔

جناب سپیکر! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بلوچستان پر بات کرنے کا موقع دیا لیکن میں آپ سے یہ بھی امید کرتا ہوں، آپ خدارا اپنا role ادا کریں۔ بلوچستان کی سیاسی قیادت کو بٹھائیں جو اسمبلی میں موجود ہے یا اسمبلی میں موجود نہیں ہے۔ اگر وہ پاکستان کے جھنڈے کو تسلیم کرتے

ہیں، پاکستان کے آئین کے framework میں آکر بیٹھنا چاہتے ہیں تو ان کے ساتھ بیٹھیں۔ اگر ہم یہ بات کریں کہ ہم کسی کے ساتھ نہیں بیٹھیں گے، ہم کسی کو نہیں چھوڑیں گے تو میرے خیال سے بس یہی ہو گا کہ ہم رونا روتے رہیں گے اور ہمارے ایسے ایسے جوان شہید ہو گئے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ کیڈٹ کالج میں بچے کلاس 6 سے میٹرک تک ہوتے ہیں۔ کلاس 6 سے میٹرک تک کے بچے بھی 48 گھنٹے تک hostage بن کر رہے۔ اب اُن بچوں کے ذہن میں جو بیٹھا ہے وہ کہاں ختم ہو گا، کیسے ہو گا؟ آپ کا بہت شکریہ، اللہ تعالیٰ آپ کو اجر دے۔

**جناب سپیکر:** شکریہ۔ کرن حیدر صاحبہ۔

**محترمہ کرن حیدر:** جناب سپیکر! شکریہ۔ میں کل ہی بلوچستان سے آئی ہوں اور میں 29th کو بلوچستان گئی تھی۔ جب میں جا رہی تھی تو میں بہت خوش جا رہی تھی کہ وہاں پر snowfall ہو رہی تھی اور میں سوچ رہی تھی اب میں چند دن اپنے گھر پر رہوں گی اور snowfall کا مزہ اٹھاؤں گی لیکن سر! پھر ایسا ہوا کہ اُس خوبصورت موسم میں، اُس خوبصورت ماحول میں خون شامل ہو گیا۔ خون کی ہولی کھیلی جانے لگی۔

قیامت ہے یا کوئی حادثہ ہے
میرے لوگوں کو مارا جا رہا ہے
سجا کر خون کی ہولی یہاں پر
میرے خون کو ابھارا جا رہا ہے

جناب سپیکر! میں انہی گلیوں میں، بلوچستان کوئٹہ کی انہی گھروں میں رہتی ہوں، وہاں پر پہلے جو ماحول تھا سارے ہی ایک دوسرے سے مل جل کر محبت سے رہتے تھے، وہاں کوئی بلوچی نہیں تھا، کوئی پٹھان نہیں تھا اور کوئی پنجابی نہیں تھا۔ لیکن اب یہ کیسا موسم آگیا ہے؟ جناب سپیکر! جب پانی میں دراڑ پڑتی ہے تو دشمن اس کا فائدہ اٹھاتا ہے، ہم نے یہ دراڑ کیوں ڈالی ہے۔ اس دراڑ کو ختم کیا جائے۔ جناب سپیکر! محبت سے اور خلوص سے اِس دراڑ کو ختم کروائیے۔ میرے بلوچستان کے بے گناہ لوگوں کا اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں کا، ان سب بیچاروں کا کیا قصور ہے؟ میرا ایک پڑوسی شبیر بھائی ہے وہ ریلوے میں job کرتا ہے، وہ اپنی job پر جا رہا تھا، اس کے دل میں گولی لگی، ایک ہی گولی لگی اور وہ شہید ہو گیا۔

بلوچستان کے حالات پر یہاں بیٹھ کر ہم صرف باتیں کر سکتے ہیں، دیکھ سکتے ہیں لیکن میں وہاں تھی تو میں سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔ صبح 6 بجے دھماکے شروع ہوئے، گولیوں کی آوازیں تھیں اور یہ نہیں پتہ تھا کہ کون سی گلیوں سے، کہاں سے نکل کر لوگ آ رہے ہیں اور کوئی بھی محفوظ نہیں تھا، اللہ کا شکر ہے کہ پھر اُس کے بعد ماحول تھوڑا سا سنبھلا اور خبریں آئیں کہ اتنے بلوچ مارے گئے، اتنے establishment کے مارے گئے لیکن سر! ہم کسی دوسرے ملک میں نہیں رہتے۔ ہم اپنے ہی پاکستان کے پیارے صوبے بلوچستان میں رہتے ہیں، ان میں دشمن، اپنے اور پرائے کیسے ہو گئے ہیں؟ آپ کو پتہ ہے میں جو کچھ بھی لکھتی ہوں، پہلے تو مجھے وہاں کے بچوں کا بہت احساس ہے، میں نے بچوں کیلئے بہت کچھ لکھا ہے۔ میں کہتی ہوں وہاں کا بچہ سونے چاندی کے پہاڑ پر تو بیٹھا ہے لیکن وہاں غربت بہت ہے۔ وہاں حالات بہت خراب ہیں۔ وہاں پر اب بھی میں نے دیکھا ہے

کہ لوگ پانی میں نمک مرچ ڈال کر روٹی ڈبو کر کھاتے ہیں۔ میرے گھر جو خواتین کام کرتی ہیں وہ مجھے سب کچھ بتاتی ہیں، وہاں حالات بہت خراب ہیں۔ ان ساری چیزوں کو بہت سمجھداری سے دیکھیں۔ان چیزوں کو ختم کرنے کی کوشش کریں کہ وہاں کے لوگوں کے مسائل کیاہیں تاکہ وہ دشمنوں کے ہاتھ میں کھلونانہ بنیں۔

جناب سپیکر! میں جب بھی کوئی speech کرتی ہوں تو ہوتا یہ ہے کہ مجھے آمد ہو جاتی ہے۔آپ کو پتہ ہے فیض احمد فیض ؔہو یا حبیب جالب ؔ ہو، ہم لوگ باقی چیزیں تو دیکھتے ہیں لیکن ہم اپنے اندر کی feelings کو نہیں چھپا سکتے۔

جناب سپیکر! میں نے لکھا ہے کہ ایک مدت سے میری سوچ ہی غلطاں ۔آپ میری پوزیشن دیکھیں میں بلوچستان سے ہوں یہاں میرے سارے بلوچی بھائی ہیں۔

ایک مدت سے سوچ میں غلطاں
عام سے گھر کی عام سی لڑکی
عزم وہمت کی اوڑھ کے چادر
اپنی بستی کی میں نمائندہ
روز یہ بات سوچتی جاتی
آج قومی اسمبلی جاکر
صورتحال سب بتاؤں گی
شہر کاحال سب بتاؤں گی
چار دیواریاں نہیں محفوظ
میری خودداریاں نہیں محفوظ
میرے چاروں طرف اندھیرا ہے
وحشتوں کا وہی پھیرا ہے
آج قومی اسمبلی جاکر
صورتحال حال سب بتاؤں گی
شہر کاحال سب بتاؤں گی
کتنی مدت سے ہے فقط وعدے

آس امید میں بڑے سادے
مجھ سے اکثر سوال کرتے
بی بی زندگی میں تو کچھ نہ ملا
بعد مدت کے تو ملے گا کچھ
زیست کا زخم تو سلے گا کچھ
آج قومی اسمبلی جا کر
صورتحال سب بتاؤں گی
شہر کا حال سب بتاؤں گی
میں ارادوں کی فائلیں لے کر
جب بھی اپنی نشست پہ آئی
چند لفظوں میں جانے کیا ہوتا
مجھ پر جیسے غنودگی چھائی
اور باتیں میں بھول سی جاتی
کس لیے آئی ہوں کیا ہوں میں
کون سے درد کی دوا ہوں میں
الجھنوں وسوسوں میں پڑ جاتی
اور چاروں طرف سے کٹ جاتی
خیر اگلی نشست میں جا کر
صورتحال سب بتاؤں گی
شہر کا حال سب بتاؤں گی

شکریہ۔

**جناب سپیکر:** شکریہ۔ اسد قیصر صاحب۔

**جناب اسد قیصر:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ آج ایک بہت اہم موضوع پر discussion ہو رہی ہے اور یہ بلوچستان میں گذشتہ دن میں جو واقعات ہوئے ہیں جس میں عام civilian شہریوں کی شہادتیں ہوئی ہیں، جو forces کی شہادتیں ہوئی ہیں ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس قسم کے واقعات جناب سپیکر! بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں تسلسل سے ہو رہے ہیں۔ اس وقت جو ہماری policy ہے اس policy کو اگر ہم صحیح معنوں میں اس کی root causes کو نہیں دیکھیں گے اور اس کے جو بنیادی مسائل ہیں جس کی وجہ سے ہمیں اس صورتحال کا سامنا ہے اور اس کی صحیح تشخیص نہیں کریں گے صرف ایک دوسرے کو خوش کرنے کے لیے بات کریں گے تو یہ بات آگے نہیں بڑھے گی۔ ہم سب پاکستانی ہیں۔ ہمیں دکھ ہوتا ہے جب اس ملک کا ایک بچہ، ایک شہری، ایک پولیس جوان، ایک forces کا کوئی جوان شہید ہوتا ہے تو ہمیں تکلیف ہوتی ہے۔ لیکن دیکھنا پڑے گا کہ اس کی بنیادی وجہ کیا ہے۔ جناب سپیکر! آپ کی توجہ چاہئیے۔ ریاست ہوتی ہے ماں جیسی۔ جب ریاست اپنے بچوں کے ساتھ انصاف نہیں کرتی، ان کو بنیادی حقوق نہیں دیتی، اس میں فرق کرتی ہے، انصاف نہیں کرتی، تو پھر اس قسم کے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب نے کل detail سے بات کی ہے اور انہوں نے جو بنیادی بات کی ہے کہ اس پارلیمنٹ کو مضبوط بنایا جائے اور خاص طور پر جمہوریت کو موقع دیا جائے۔ میں اس حوالے سے بھی بات کروں گا۔ کہ وہ کیا بنیادی وجوہات ہیں جس کی وجہ سے یہ بدامنی، law and order کی situation اور insurgency بڑھ رہی ہے۔ سب سے پہلے بنیاد تو اس کی ہے جمہوریت۔

جو 8 فروری کو ہوا ہے جب آپ عوام کو اپنی بنیادی نمائندگی سے محروم کریں۔ جب عوام ووٹ کسی اور کو دے اور پارلیمنٹ میں کوئی دوسرا بیٹھے۔ بلوچستان کے عوام کی نمائندگی تب ہوگی جب ملک میں الیکشن کا نظام شفاف ہوگا، جب تک عوام کے نمائندوں کو اس کا بنیادی حق نہیں ملے گا۔ اس کی صحیح representation Assembly میں نہیں ہوگی اور اس کی آراء کے مطابق ان کے ووٹ کے مطابق حکومت نہیں بنے گی تو پھر وہ لوگ اس وقت عوام سے disconnect رہیں گے ۔ عوام کے ساتھ ان کا کوئی connection نہیں ہے، کوئی رابطہ نہیں ہے، وہ عوام کی نمائندگی نہیں کرتے ہیں، ان کو احساس ہی نہیں ہے کہ عوام کے جذبات اور احساسات کیا ہیں۔ جب عوام کے احساسات اور جذبات کا ان کو کوئی احساس نہیں ہے تو وہ کیا policy دیں گے۔ اس لیے سب سے پہلے ہمیں اپنے ملک میں شفاف الیکشن اور وہ Election Commission جو کہ free and fair election کروا سکے۔ عوام کے ووٹ کو عزت ملے اور عوام کے ووٹ کا احترام کیا جائے اور صحیح معنوں میں original Parliament وجود میں آجائے۔

نمبر 1 جب تک اس ملک میں الیکشن شفاف نہیں ہوں گے۔ جب تک Election Commission غیر جانبدار نہیں ہوگا، free and fair election نہیں ہوگا تو میں سمجھتا ہوں اس وقت تک ہمیں مسائل کا سامنا رہے گا۔ نمبر 2، دوسری بات دیکھیں ہم سب اس وقت ایک مشکل دور سے گزر رہے ہیں ہمارا لیڈر عمران خان جیل میں ہے ان کا جو قانونی حق ہے ملاقاتوں کا وہ ان کو نہیں مل رہا ہے۔ Even ان کو medical، مطلب ایک عام قیدی کو بھی سہولت ہے کہ جب اس کو medical treatment کی ضرورت آتی ہے تو ہسپتال میں منتقل کیا جاتا

ہے،اس کی فیملی کے ساتھ رابطے کیے جاتے ہیں،اس کا خیال رکھا جاتا ہے،اس کے باوجود اس ملک کے سب سے بڑے لیڈر عمران خان کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جارہا ہے۔ یہ اس لیے کہ ان کو خوف ہے کہ عمران خان کوئی ایسی بات نہ کرے۔ بھئی ڈاکٹر ملتا ہے تو ڈاکٹر کے ملنے میں حرج کیا ہے۔ڈاکٹر تو کوئی political بندہ نہیں ہے۔ لیکن ان کی ملاقاتیں نہیں ہو رہی ہیں، even جیل میں ہے اور وہ بھی unlawful ہے۔ وہ merit کے مطابق نہیں ہے۔ پھر عدالتوں سے توقع ہوتی ہے۔

**جناب سپیکر:** پلیز judiciary کے issues پر کوئی ایسی بات نہ کیجیئے گا جس سے اس میں concern ہو۔

**جناب اسد قیصر:** سر جی میں یہ believe کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ جب چھبیسویں اور ستائیسویں آئینی ترمیم کے بعد†[***]۔

**جناب سپیکر:** میں expunge کررہا ہوں یہ الفاظ۔

**جناب اسد قیصر:** †[***] دو چیزیں ہیں،ایک ہے جمہوریت اور دوسرا انصاف ہے۔ اگر ملک میں جمہوریت ہو گی، عوام کی رائے کا احترام ہو گا، ملک میں انصاف ہو گا تو یہ ملک آگے بڑھے گا۔

جناب سپیکر! یہ ہمیں احساسات ہیں۔ اس وقت جو ہمارے صوبے میں صورتحال ہے، یعنی آپ یقین جانیں کہ ایک صوبے کو اس کے بنیادی حقوق سے محروم رکھ رہے ہیں کہ وہ آپ کا سیاسی مخالف ہے۔ آپ اس صوبے کو بنیادی حقوق نہیں دے رہے ہیں، آپ اس صوبے کا جو NFC میں بنیادی شیئر ہے وہ نہیں دے رہے ہیں، آپ اس صوبے کا جو Net Hydel Profit ہے، وہ نہیں دے رہے ہیں۔ آپ ایک صوبے کے Chief Minister کو اڈیالہ جیل کے سامنے بیٹھ کر ملاقات کی بھیک مانگتے دیکھتے ہیں، اس کی ملاقات نہیں کرائی جاتی اور دوسری طرف ایک صوبے کی Chief Minister چین جاتی ہے تو سرکاری جہاز میں جاتی ہے، برازیل جاتی ہے تو سرکاری جہاز میں جاتی ہے۔ کیا یہ ایک ملک، دو دستور نہیں ہیں؟ ایک صوبے کے Chief Minister کو قانونی طور پر ملاقات نہیں کرائی جاتی اور دوسری Chief Minister جہازوں میں گھوم پھر کے سرکاری مراعات لے رہی ہے، اس کو فنڈ مل رہے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ پنجاب بہت ترقی کر گیا۔ آپ میرٹ پر آئیں اور ہمارے حقوق دیں، جو اس وقت ہم insurgency سے گزر رہے ہیں۔

جناب سپیکر! اگر اس وقت ایران اور امریکہ، استنبول میں بیٹھ سکتے ہیں اور بات کر سکتے ہیں، اگر انڈیا اور پاکستان بھی hotline پر بات کر سکتے ہیں، تو افغانستان کے ساتھ آپ کے جتنے بھی serious concerns ہیں، جتنے بھی issues ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ افغانستان کے ساتھ ہمارے جو concerns ہیں وہ بھی صحیح ہیں، وہ بھی address ہونے چاہئیں۔ Diplomatic Channels کے ذریعے آپ مسائل کا حل نکالتے ہیں۔ ہمارا سارا کاروبار، ہمارا سارا روزگار افغانستان کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ آپ ہماری بات کو کیوں شنوائی نہیں دیتے؟ میں سمجھتا ہوں کہ ہم National Action Plan پر مکمل طور پر عمل درآمد چاہتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ دہشت گردی کا ہم ہر حال میں خاتمہ چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے

---

†(*** بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کر دیے گئے۔)

ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ تو بیٹھیں ناں، ہمیں اعتماد میں لیں۔ متاثر تو ہم ہیں، اگر ہم متاثر ہیں تو آپ ہمارے ساتھ بیٹھ کر پالیسی بنائیں۔ ہم دہشت گردی کا خاتمہ چاہتے ہیں، ہم National Action Plan پر عمل درآمد چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان ایک عظیم ملک بنے، ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان میں قانون کی حکمرانی ہو، ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان میں civilian supremacy ہو، ہم چاہتے ہیں کہ پارلیمنٹ سب سے بااختیار ہو، خارجہ پالیسی، داخلہ پالیسی، معاشی پالیسی، ادھر طے ہوں۔

جناب سپیکر! میں آخر میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں۔ میرے خیال میں حکومت کے ایک صاحب بیٹھے ہیں۔ مجھے بتائیں کہ انٹرنیشنل tours ہوئے، مجھے ایک بھی ٹریڈ ڈیل بتادیں جو ہوئی ہو؟ انڈیا اور امریکہ کے درمیان بڑی بڑی دشمنیاں چل رہی ہیں۔ ابھی جو انہوں نے agreement کیا ہے، eighteen percent پر agreement ہوا ہے۔ EU کے ساتھ انڈیا کے agreements ہو رہے ہیں۔ ہم تو isolation کی طرف جارہے ہیں۔ ہماری خارجہ پالیسی یہ ہے کہ ایک تو ہم اپنے پڑوسیوں کے ساتھ تعلقات خراب کیے ہوئے ہیں، ساتھ ساتھ ہم کوئی positive input بھی نہیں دے سکے اور انڈیا جس کے بارے میں ہم سمجھتے تھے کہ امریکہ اس کے ساتھ سخت رویہ رکھے گا، Mr. Trump روزانہ کہتا تھا کہ اتنے جہاز گرے اور آج اس کے ساتھ trade agreements ہو رہے ہیں، EU کے ساتھ trade agreements ہو رہے ہیں۔ یہ اس وقت جو situation ہے، ہمیں اپنی پالیسیوں کو revisit کرنا چاہیئے۔ ریاست کو ماں جیسا ہونا چاہیئے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی jurisdiction میں عوام کو انصاف دے اور جمہوریت کو پھلنے پھولنے دے۔ پارلیمنٹ صحیح معنوں میں عوام کی منتخب پارلیمنٹ ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ Imran Khan اس وقت اگر جیل میں ہے تو صرف اور صرف اس وجہ سے کہ وہ ملک پر قانون اور آئین کی حکمرانی چاہتا ہے۔ پاکستان زندہ باد۔

## ANNOUNCEMENT *REG*: PRESENCE OF STUDENTS AND FACULTY MEMBERS FROM ALLAMA IQBAL LAW COLLEGE, SARGODHA IN THE GALLERY

**جناب سپیکر:** سلیم الرحمٰن صاحب غائب ہیں۔ وہ ریگولر نہیں ہیں، ان کی غیر حاضریاں لگ رہی ہیں۔ میں ایک announcement کرنا چاہ رہا ہوں۔ Students and faculty Members from Allama Iqbal Law College, Sargodha are sitting in the visitors' gallery. We welcome them. Welcome to the National Assembly of Pakistan.

(Desk Thumping.)

## FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARLY IN BALOCHISTAN

**جناب سپیکر:** اعجاز الحق صاحب۔

**جناب اعجاز الحق:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ۔ جناب سپیکر! آج ایک بڑا اہم موضوع ہے اور انٹرسٹ دیکھ لیں کہ حکومت کے وزراء کے تمام benches خالی پڑے ہیں۔ وزیر دفاع، جنہوں نے کل گفتگو کی ابتداء کی تھی،، وہ بھی تھوڑی دیر ہوئی اٹھ کے چلے گئے، شاید کوئی ضروری meetingہو گی اور کوئی باہر سے مہمان بھی آج آنے والے ہیں، شاید اس وجہ سے۔ Leader of the Oppositionنے بھی بڑی باتیں کیں اور 1830 سے 1850تک بلوچستان کی تاریخ اٹھا کر بتائی۔ بہت سی باتیں ان کی درست بھی تھیں، خاص طور پر بلوچستان کے لوگوں کی محرومی کی بات کی، سوئی گیس کے حوالے سے۔ یہ آج کا issue نہیں ہے، یہ issue میں پچھلے کم از کم تیس چالیس سال سے سنتا آرہا ہوں۔ Insurgencies بھی کوئی پہلی مرتبہ نہیں ہوئیں۔ اچکزئی صاحب نے بھی اس کا ذکر کیا۔

میں اتنا پیچھے نہیں جاتا کہ 1800 میں کیا ہوا یا اس کے بعد کیا ہوا۔ 1973 میں جب NAP کی حکومت ختم کی گئی، تب لوگ پہلی مرتبہ recent historyمیں پہاڑوں پر چڑھے۔ کچھ leaders، عطاءاللہ مینگل صاحب، خیر بخش مری صاحب بلوچستان کو چھوڑ کر افغانستان چلے گئے۔ عراق اور افغانستان نے اس insurgency کو پوری support دی اور ایران اس وقت پاکستان کی support کر رہا تھا۔ یہ insurgency 1973 onwardچلتی رہی۔ اس میں تقریباً 3ہزار افواجِ پاکستان کے افسران اور جوان شہید ہوئے اور تقریباً پانچ ہزار وہ لوگ، جنہیں آپ دہشت گرد کہہ لیں، جو اس وقت پہاڑوں پر تھے، مارے گئے۔ تقریباً ایک لاکھ کے قریب ہماری فوج اس وقت بلوچستان میں تعینات تھی۔ pro-rata basisپر دیکھا جائے تو شاید جتنی فوج آج ہے، اس سے زیادہ وہاں تھی۔ اس وقت کے Chief of Army Staff ٹکا خان اس operationکو personally lead کر رہے تھے۔ پھر 1977 میں Martial Law لگا اور جنرل ضیاء الحق کی حکومت آئی اور بلوچستان میں Governor جنرل رحیم الدین خان گئے۔ انہوں نے amnesty کا اعلان کیا، جس کے ذریعے جہاز بھیج کر خیر بخش مری اور عطاءاللہ مینگل کو واپس بلایا گیا۔ Amnesty declare کی گئی، law and order کو بہتر کیا گیا، لوگوں کو کہا گیا کہ پہاڑوں سے نیچے آ جائیں۔ جب وہ واپس آئے، مجھے ایک واقعہ یاد ہے اور وہ میں یہاں سنانا بھی چاہوں گا۔

عطاءاللہ مینگل صاحب نے request کی کہ وہ UK جانا چاہتے ہیں۔ اس وقت Cabinet نے انکار کیا کہ یہ وہاں جا کر جلسے جلوس کرے گا۔ President and Chief of Army Staff سمیت سب نے انکار کیا، لیکن جنرل رحیم الدین خان نے insist کیا کہ انہیں passport دیا جائے۔ انہوں نے بلوچستان میں بیٹھ کر حالات کو سمجھا اور انہیں باہر بھیجا۔ وہ باہر گئے، واپس آئے اور بعد میں وہی Chief Minister بھی بنے، پاکستان کے لیے بات بھی کی، یہاں بیٹھ کر بھی اور باہر جا کر بھی کی۔

مجھے یاد ہے ایک کمانڈو صوبیدار صاحب میرے ساتھ تھے، جو میرے والد صاحب کے ساتھ ہوا کرتے تھے۔ انہوں نے ایک چھوٹا سا واقعہ سنایا کہ جب 1973 کے بعد وہاں insurgency ہو رہی تھی، ہم وہاں operation کر رہے تھے، ہماری Commando Units وہاں تھیں۔ ہم روزانہ وہاں جایا کرتے تھے۔ ایک pond تھا جس کے چاروں طرف پہاڑ تھے۔ آدھے لوگ اوپر کھڑے ہوتے تھے، آدھے نیچے جا

کر، جناب سپیکر! اگر چیئر مین مذہبی امور کو بٹھادیں۔ تو بات بہتر ہو سکے گی۔ ڈوگر صاحب، مہربانی آپ کی۔ ہم نے بھی آپ کی باتیں بڑی سنی ہیں۔ تو وہ کہہ رہے ہیں کہ آدھے لوگ وہاں جایا کرتے تھے، وہ اپنے کپڑے دھوتے تھے، نہاتے تھے۔ تو جب دو تین مہینے گزر گئے تو ایک دن ہم نے سوچا کہ ہم اتنا time waste کرتے ہیں، آدھے لوگ اوپر بیٹھ کے ریکی کر رہے ہوتے ہیں کہ کوئی آنہ جائے اور نیچے آدھے نہار ہے ہوتے ہیں۔ تو ایک دن ہم نے سوچا کہ ہمیں اکٹھے چلے جانا چاہیئے نہانے کے لیے، اور جس دن ہم اکٹھے گئے نہانے کے لیے تو اس دن انہوں نے اوپر سے آگے گولیاں چلائیں اور 9 لوگ شہید ہو گئے تھے، وہ ہمارے جنرل افتخار صاحب کی unit تھی، جو بعد میں Secretary Defence ہو کے retire ہوئے۔ چوہدری نثار صاحب کے بھائی تھے، اس وقت Lieutenant Colonel تھے۔ تو اس ایک incident کی وجہ سے وہ demote ہو کے میجر بنا دیے گئے تھے۔

لیکن الحمدللہ اس کے بعد بلوچستان میں گیارہ سال تک development بھی ہوئی، سوئی گیس کوئٹہ بھی پہنچی، اور law and order پورے پاکستان میں سب سے بہتر جو تھا وہ بلوچستان کا تھا۔ کیا وجہ تھی کہ ان لوگوں کو engage کیا گیا، ان سے بات چیت کی گئی؟ اب میں یہ نہیں کہہ رہا کہ terrorist کے ساتھ بات کی جائے اور ہمارے وزیرِ دفاع نے جو بات بالکل صحیح کی، اس پر میں تھوڑی سی روشنی ڈالوں گا کہ انہوں نے کہا کہ ساری جنگ، ساری insurgency، ساری جو لڑائی ہو رہی ہے، وہ تیل کے پیچھے ہو رہی ہے اور transit trade کے پیچھے ہو رہی ہے۔ تو یہ تیل وہاں سے چالیس روپے کا اگر آرہا ہے اور دو سو روپے کا بکتا ہے، تو یہاں پر بیٹھ کر ذرا سوچیں کہ یہ تیل وہاں سے Iran border سے کراچی تک لے جانا، اور کراچی سے رحیم یار خان، رحیم یار خان سے آگے بہاولنگر اور پھر لاہور تک یہ تیل پہنچ جاتا ہے۔ تو راستے میں سب سے پہلی بات یہ دیکھیں کہ وہاں کتنی رکاوٹیں ہیں اور جب یہ رک گیا تو اس کے پیچھے ایک جنگ شروع ہو گئی ہے۔

جس میں کہتے ہیں، دس مئی کے بعد، معرکۂ حق کے بعد، جو پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی، اس کے بعد ہندوستان یہ سمجھ گیا کہ میں پاکستان پر جارحیت یا attack کر کے کچھ نہیں کر سکتا۔ لیکن India نے Afghanistan کے ذریعے، TTP کے ذریعے اور BLA کے ذریعے اپنی proxies کو وہاں بھیجا۔ اور اس وقت بھی میں دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ایک Kulbhushan نہیں ہے وہاں، کئی Kulbhushan Jadhav بلوچستان کے اندر موجود ہیں، جو باقاعدہ training دے رہے ہیں، جو باقاعدہ ان کو equipment دے رہے ہیں، communication اور ammunition سمیت۔ اور کل وزیرِ دفاع صاحب نے بتایا یہاں پر کہ ان کے پاس night vision goggles ہیں، اور جو ہتھیار ہیں، وہ میرے خیال میں بیس ہزار dollar فی شخص کے حساب سے اس پر خرچہ آتا ہے۔

تو اتنا پیسہ، اسلحہ، اور involvement کے لیے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ کس طریقے سے ہم اس معاملے کو بہتر طریقے سے حل کر سکتے ہیں۔ پھر جو اس وقت حالات وہاں پر پیدا ہوئے ہیں، اور جو یہ incident ہوا، اگلے دن جہاں بارہ شہروں کے اندر یکمشت at the same time attack کیا گیا اور کوئٹہ کے اندر بالکل گورنر ہاؤس کے قریب اور دیگر جگہوں پر جو attacks ہوئے یہ چھوٹی بات نہیں

ہے کہ کس طرح سے coordinate کر کے، تمام شہروں کے اندر، انہوں نے حملے کیے ہیں اور ابھی بھی ہم یہاں کھڑے ہو کر کہیں کہ یہ تیل کی یا transit trade کی لڑائی ہے، تو بڑے افسوس کے ساتھ میں یہ کہوں گا کہ اس پر تھوڑا سا غور کرنا چاہیئے کہ مسئلہ کیا ہے اور اس مسئلے کا حل کیسے نکالا جائے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ terrorists کے ساتھ بات کریں، terrorists کے ساتھ بالکل بات نہیں کرنی چاہیئے بلکہ ان کے ساتھ لڑائی لڑنی چاہیئے۔

لیکن کیا وجہ ہے کہ بلوچستان کے علاقے یہاں تک پہنچ گئے ہیں؟ یہاں پر بات کی گئی کہ وہاں development نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ پچھلے بیس سال کا NFC Award نکال کر دیکھ لیں کہ بلوچستان کو کتنا پیسہ ملا اور لگا۔ وہاں کے سارے development funds corruption کی نذر ہو جاتے ہیں، سارے کے سارے کھا لیے جاتے ہیں۔ اور جتنا یہ conflict بڑھ رہا ہے، اتنا ہی ان لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے جو وہاں پر بیٹھے ہوئے یہ دیکھ رہے ہیں کہ جتنی لڑائی ہو گی ہمیں اتنے ہی funds ملیں گے تو جناب اس لڑائی کو ختم کرنے کے لیے ہم جتنے development پر پیسے لگائیں گے تو وہ پیسہ ان کی جیبوں میں جائے گا۔ اور آپ وہاں جا کر دیکھ لیں، میرا خیال ہے ان تمام لوگوں کو جن کو یہ funds دیے گئے ہیں تو on ground کوئی کام نہیں ہوا، میں سمجھتا ہوں کہ سرعام ان کو سزا دینی چاہیئے، تاکہ آئندہ آنے والے یہ دیکھ کر چل سکیں۔

پھر میں یہ بھی کہوں گا کہ پچھلے دنوں، کل یہاں پر بات شاید ہوئی یا نہیں کہ ہمارے Punjab سے، Karachi سے وہاں جانے والے، لوگ جن کے ID card وہاں کے نہیں ہوتے، ان کو بسوں سے، ٹرکوں سے، ٹرینوں سے اتار کر، جس طرح کہ وہاں ہماری train کے اوپر حملہ ہوا تھا اور ID card دیکھ کر ان کو مارا گیا۔ خود Chief Minister بلوچستان نے آج سے پانچ ماہ پہلے ایک interview دیتے ہوئے کہا تھا کہ پانچ ہزار Punjab کے یا باہر سے آئے ہوئے لوگ، جن کے ID card وہاں کے نہیں تھے، ان کو بسوں سے اتار کر مارا گیا۔ پانچ ہزار لوگوں کو۔ کیا کسی کو یہاں پر احساس ہوا کہ کتنے لوگوں کو وہاں پر شہید کیا گیا؟ جو لوگ وہاں اپنا روزگار کمانے اور اپنے بچوں کو پالنے کے لیے جاتے ہیں۔

تو میں بڑے افسوس کے ساتھ یہ کہوں گا کہ آج جو یہ ہماری گفتگو ہو رہی ہے یہاں پر، اگر اس گفتگو کو ہم نشستند گفتند برخاستند کر کے ختم کر دیں گے تو آئندہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ یہی سب کچھ ہوتا رہے گا۔ یہاں پر کچھ تجاویز آنی چاہئیں، کوئی positive بات ہونی چاہیئے، جس سے ہم اس معاملے کو حل کر سکیں۔ میں بلوچستان گیا تھا، جنابِ سپیکر! کچھ عرصہ ہوا ہے اور وہاں پر ہمارے ایک دوست کے بچوں کی شادی تھی، تو میں وہاں تقریباً دو دن رہا ہوں اور بہت سے لوگوں سے ملاقاتیں بھی ہوئیں اور بہت سے لوگوں نے باتیں بھی کیں، اور solutions بھی دیے کہ اس مسئلے کا حل کیسے نکالا جا سکتا ہے اور وہ وہ لوگ تھے جو آج خاموشی سے وہاں بیٹھے ہوئے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں، لیکن ان میں بات کرنے کی ہمت نہیں ہے۔ ان سے میری ملاقاتیں ہوئیں ہیں وہاں پر۔ انہوں نے بتایا کہ جناب یہی طریقہ ہے۔ میں واپس آیا، میں نے Prime Minister سے کہا کہ ڈیڑھ سال یا دو سال کی ہماری حکومت ہو چکی ہے، ہم coalition partner بھی ہیں۔ پہلی مرتبہ میں time لے کر Prime Minister کو ملنے گیا اور

میں نے ان کو پوری اپنی روداد سنائی اور میں نے کہا کہ جناب! یہ وہاں کے حالات اور معاملات ہیں۔ ان لوگوں کو جو پہلے mainstream میں رہ چکے ہیں، اور یہاں پر رہے ہیں، یا وہاں پر وزیر اعلیٰ رہ چکے ہیں، ان کو بلائیں اور ان کے ساتھ بیٹھ کر بات چیت کریں۔ آپ اگر ہر ایک کو isolate کر دیں گے تو وہ مجبور ہو کر State کے خلاف کام کریں گے۔ تو اس کے لیے میں سمجھتا ہوں کہ کوئی ایک ایسی committee جو تمام stakeholders پر مشتمل ہو، جس میں ممبر آف Parliament بھی ہوں، دیگر لوگ بھی ہوں، ان کی کوئی committee بنا کر کم از کم brainstorming کرنی چاہیئے کہ ان حالات کو ہم بہتر کیسے کر سکتے ہیں اور اس کو آگے لے کر کیسے چل سکتے ہیں۔

تو میں یہ کہوں گا کہ اس House کو چاہیئے کہ initiative لے کر یہ معاملات دیکھے۔ دکھ ہوتا ہے جب ہمارے افواجِ پاکستان کے جوان، کل ایک جنازہ ہوا ہے، میرے حلقے میں، ایک شہید نوجوان کا جنازہ ہوا ہے کل صبح وہاں پر اور اب میں جاؤں گا ایک آدھے دن میں، تو وہاں جا کر دعا کروں گا۔ بہت سے لوگ ہیں ایسے، remote area ہے، Fort Abbas اور ہارون آباد کے border کے ساتھ ہم ضرور رہتے ہیں، لیکن وہ border پر شہید نہیں ہو رہے، وہ جا کر کہیں KP میں یا بلوچستان میں شہید ہو رہے ہیں اور پھر وہاں سے ان کی لاشیں آ رہی ہیں، پاکستان کے جھنڈے میں لپٹی ہوتی ہیں۔ میں زیادہ گفتگو نہیں کرنا چاہتا۔

آخر میں، میں صرف اچکزئی صاحب کی بات کا جواب نہیں دینا چاہتا ہوں، جنہوں نے کہا کہ مولانا سمیع الحق کے پیچھے جنرل ضیاء الحق نے اور جنرل اختر عبدالرحمٰن نے نمازیں پڑھی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ نماز تو اچکزئی صاحب بھی پانچ وقت کی الحمدللہ پڑھتے ہیں اور میں ان سے گلہ بھی نہیں کرتا، کیونکہ یہ جہادِ افغانستان میں کبھی بھی ساتھ نہیں تھے، یہ روس اور لال جھنڈے اٹھانے والوں کے ساتھ کھڑے ہوئے تھے۔ لیکن جن لوگوں نے وہ جہاد لڑا۔ مجھے افسوس اس بات سے ہوا ہے کہ ہمارے وزیر دفاع نے یہاں کھڑے ہو کر کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ جو اس وقت ہوا تھا، ہم جا رہے ہیں 1979 سے لے کر اور 1988 تک جو ایمان، تقوی، جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعے جو جہاد ہو رہا تھا افغانستان میں، جس میں ہم نے ایک سپر طاقت کو شکست دی۔

بہت افسوس ہوا کہ یہ کھڑے ہو کر یہاں کہہ رہے ہیں۔ مجھے یہ معلوم کرنا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر وزیر دفاع کو آ کے اس بات کا جواب دینا چاہیئے کہ یہ ان کی اپنی رائے ہے as a person خواجہ آصف کی یا یہ ان کی وزیر دفاع کی حیثیت سے statement ہے he is reflecting because he is a senior most person in the Ministry of Defence کہ Chief of Army Staff سے لے کر سب اس کے ماتحت ہیں کہ کیا یہ فوج کے اپنے جو ideas ہیں اس کو reflect کر رہا ہے یا اپنی ذہنی سوچ پہ یہ بات چیت کر رہے ہیں۔ تو یہاں پر آ کے یہ جواب دیں۔ تو پھر اگر یہ ایسی بات ہے تو میں کہوں گا کہ DG ISPR کو بتانا چاہیئے کہ وہ جہاد صحیح تھا یا غلط؟ کہ ہم نے جب ایک super power اور یہ بھی میں بتانا چاہتا ہوں کہ آج جس چیز پر ہم بڑا فخر کر کے نعرہ لگاتے ہیں اور نعرہ تکبیر لگاتے ہیں۔ وہ ایٹمی قوت تھی جو اس جہاد میں 15 لاکھ افغانیوں نے اپنی شہادت دی اور اس جہاد کی آڑ میں ہم نے پاکستان کو ایک نیوکلیئر بم دیا جس کے لیے آج ہم کھڑے ہو کر

ہندوستان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہہ سکتے ہیں اور ہم نے 1986 میں بھی ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بتایا تھا کہ جو ایٹم بم تمہارے پاس ہے وہ ہمارے پاس بھی ہے۔

تو آپ compare نہ کریں، مجاہدوں کو طالبان کے ساتھ۔ وہ ایک اور نسل تھی، یہ ایک اور نسل ہے۔ اگر آپ اس چیز کو سنبھال کر آگے لے کے نہیں چل سکے اور آج آپ نے ہندوستان اور افغانستان کا بھی front کھول دیا ہے۔ تو یہ سارے معاملات اپنے ٹھیک کرنے کی کوشش کریں۔ یہ نہ کہیں کہ جناب وہ غلط تھا آپ کون ہوتے یہاں کھڑے ہو کر ایک رائے دینے والے، جب تک کہ بحیثیت وزیر آپ فوج کی طرف سے بات کر رہے ہوں یا حکومت کی طرف سے بات کریں۔ As a person individual آپ نے بہت سی معافیاں مانگی ہیں میں اس کی detail میں نہیں جانا چاہتا۔ لیکن اس قسم کی باتیں کرنا بڑا افسوسناک ہے کہ اپنی فتوحات کو شکست میں تبدیل کیا جائے۔ بہت بہت شکریہ جناب۔

## RESOLUTION CONDEMNING THE RECENT TERRORIST ATTACKS IN BALOCHISTAN TARGETTING CIVILIANS AND EMPLOYING HENIOUS, INHUMAN TACTICS

**جناب سپیکر:** شکریہ جی۔ میرا خیال ہے کہ چونکہ اس پہ debate نے ابھی چلنا ہے تاکہ recommendations آئیں تب تک ایک Joint Resolution ہے وہ پڑھ دیجیئے تاکہ ہم اس کو تو pass کر دیں، پھر ہم debate continue کریں گے۔ جی ڈاکٹر طارق صاحب۔

**وزیر برائے پارلیمانی امور (جناب طارق فضل چوہدری):** بہت شکریہ، جناب سپیکر! سر! بلوچستان کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے جو اس وقت ایوان میں تمام political parties کے MNAs اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے ایک مشترکہ قرارداد جس پہ تمام parties کے زعماء نے دستخط کیے ہیں۔ میں وہ آپ کی اجازت سے ایوان کے سامنے پڑھ رہا ہوں۔

سر یہ ایوان بلوچستان میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ جن میں نہ صرف معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، بلکہ خواتین کو بطور ہتھیار استعمال کرنے جیسے گھناؤنے اور غیر انسانی حربے بھی اپنائے گئے۔

یہ ایوان اس امر پر گہرے رنج و غم اور تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ دہشت گرد networks خواتین کا استحصال، زبردستی، ذہنی دباؤ اور blackmailing کے ذریعے خواتین کو ریاست اور معاشرے کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جو اسلامی، پاکستانی اور بلوچ اقدار کے سراسر منافی ہے۔

یہ ایوان Security Forces، قانون نافذ کرنے والے اداروں، صوبائی حکومت بلوچستان اور سول انتظامیہ کے بروقت اور مؤثر اقدامات کو سراہتا ہے اور شہداء اور زخمیوں کے اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ایوان واضح کرتا ہے کہ شہری آبادی، خواتین اور بچوں پر حملے ناقابل معافی جرائم ہیں اور ریاست ایسے عناصر کے خلاف zero toleranceرکھتی ہےاوران کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی جائے گی۔

یہ ایوان اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ متعدد واقعات میں دستیاب crime بیرونی سرپرستی کی جانب اشارہ کرتے ہیں بالخصوص ہندوستان کے کردار کے حوالے سے سنجیدہ خدشات موجود ہیں جبکہ بعض ہمسایہ ممالک میںlogisticاورoperationalسہولت کاری، مالی معاونت، تربیت، علاج، نقل وحرکت اورpropaganda networksکے ذریعے دہشت گردی کو تقویت دی جاتی ہے۔

یہ ایوان مطالبہ کرتاہے کہ ان بیرونیsponsorsاوراندرونی سہولت کاروںfunding, smugglingاورpropaganda کے خلاف فوری، جارحانہ، مربوط اور ہنگامی بنیادوں پر مؤثر قومی ردعمل یقینی بنایاجائے۔ جس میں سیاسی، سفارتی، عسکری،intelligence، قانونی اور تمام جو محاذ ہیں یکجاہوں۔

یہ ایوان اس عزم کااعادہ کرتاہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی ہے۔اس میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر، ہمہ جماعتی قومی اتحاد وقت کی اہم ترین ضرورت ہےاور ریاست اپنے عوام کے تحفظ،امن اور قومی سلامتی پر کسی صورتcompromiseنہیں کرے گی اور اسے یقینی بنایاجائے گا۔بہت شکریہ، سر۔

**Mr. Speaker:** Now, I put the Resolution to the House. The question is that the Resolution, as moved, be adopted.

(The Resolution was adopted.)

---

(اس موقع پر قائد حزب اختلاف جناب محمود خان اچکزئی اپنی نشست سے بولنے کے لئے کھڑے ہو گئے)

---

**جناب سپیکر:** توآپ کاopposeہو گیا، توآ گیا۔ نہیں ووٹ تو ہے نہیں ناں۔اس پہResolutionہو گئی،اس پہ ووٹنگ نہیں ہوتی۔جی اسلم گھمن صاحب۔اسد صاحب یہseriousہے میں ابھی فون کر کے تو آپ کیmeetingکراتاہوں۔جی گھمن صاحب۔ایک سیکنڈ تشریف رکھیں۔ محمود خان صاحب۔

**قائد حزب اختلاف (جناب محمود خان اچکزئی):** جناب سپیکر! کوئی پاگل ہی اس کی مخالفت کرے گا۔میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ اس Resolutionکاآخریparagraphیہ ہوناچاہیئے کہ یہHouseاعلان اورrecommendکرتا ہے کہ تمام صوبوں کے وسائل پہ وہاں کے بچوں کاپہلا حق تسلیم کیاجائے گا۔بس۔پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکیthey will beپہلے وہ حقدار ہوں گے۔بس یہ معاملہ ختم ہو جائے گا۔

**جناب سپیکر:** محمود خان صاحب وہ تو Constitution میں protected۔۔۔۔

**جناب محمود خان اچکزئی:** یہ کون سی بڑی بات ہے۔ یہ بڑا House ہے، اگر یہ اعلان کر دے۔

**جناب سپیکر:** یہ protected ہے آپ کی بات جائز ہے۔

**جناب محمود خان اچکزئی:** بس یہ کر دیں کہ یہ House اعلان اور recommend کرتا ہے کہ ہر صوبے کے بچوں کا ان کے وسائل پہ پہلا حق ہو گا۔

**جناب سپیکر:** جی بالکل ٹھیک ہے۔

(مداخلت)

**جناب محمود خان اچکزئی:** ہم نہیں جاگے۔ Thank you very much جی۔

**جناب سپیکر:** جی، ڈاکٹر صاحب۔ یہ Constitution میں بھی ہے۔

**جناب طارق فضل چوہدری:** بہت شکریہ، سر۔ میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہ رہا ہوں کہ جو Leader of the Opposition نے بات کی ہے، سر۔ سر! اس بات پہ حکومت کو بالکل کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جو معدنی وسائل اللہ تعالیٰ نے ان صوبوں کو عطا کیے ہیں ان صوبوں میں جو لوگ رہتے ہیں ان کے بچوں کا حق ہے، اس پہ کوئی debate نہیں ہے۔

لیکن سر! میری صرف ایک submission ہے، میں ایک منٹ سے زیادہ نہیں لوں گا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ جب ہم اتحاد اور اس ایوان سے ایک آواز بلند کرنے کی بات کرتے ہیں۔ تو اس میں اس طرح کی چیزوں کو if’s and but’s کی شکل میں جب پیش کیا جاتا ہے۔ تو میرا خیال ہے جو message اس ایوان سے جانا چاہیئے وہ نہیں جاتا۔ یہ سر! جو معدنی وسائل کی بات ہوئی ہے۔ میں نے Leader of the Opposition سے اتفاق کیا ہے اور میں نے کوئی اختلاف نہیں کیا۔ لیکن سر! اس میں if and but نہیں ہونے چاہیئں۔

**جناب سپیکر:** ڈاکٹر صاحب تشریف رکھیں۔

**جناب طارق فضل چوہدری:** دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم ایک آواز ہیں، متحد ہیں اور ان اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں جو اس جنگ میں قربانیاں دے کر قوم اور ملک کو محفوظ بنا رہے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب سپیکر:** نہیں، نہیں۔ میں clarify کر دیتا ہوں۔ اسد صاحب تشریف رکھیں۔ دیکھیں جس وقت یہ Resolution سارے پڑھ رہے تھے میرا خیال ہے Leader of the Opposition نہیں تھے یہاں پہ باقی سب نے پڑھ کے sign کیا ہے۔ ان کا view شامل نہیں تھا ان کی تجویز آگئی that is good۔

## FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARLY IN BALOCHISTAN

**جناب سپیکر:** جی نور عالم خان صاحب۔

**جناب نور عالم خان:** شکریہ honourable Mr. Speaker! میری ایک request ہے۔ دہشت گردی any form میں ہو اس پہ ہمیں کوئی compromise نہیں کرنا چاہیئے اور نہ ہم کرتے ہیں اور اس میں خالی یہ بلوچستان کا آپ ذکر نہ کریں۔ خیبر پختونخوا میں روزانہ ہمارے بچے اور فوجی شہید ہو رہے ہیں، ہمارے سکول colleges effect ہو رہے ہیں اس کو بھی مہربانی فرما کر اسی میں لائیں۔ کیونکہ پاکستان میں جو کوئی بھی دہشت گردی کر رہا ہے۔ وہ محب وطن نہیں ہو سکتا اور دوسری بات یہ ہے سر! کیونکہ یہ چیزیں ہیں خیر یہ آتا ہے اس پر ہم پھر بعد میں بات کریں گے۔ لیکن یہ دو مہربانی فرما کر آپ ایک خیبر پختونخوا کو اس قرارداد میں ڈال لیں کہ دہشت گردی وہاں پہ سب سے زیادہ ہو رہی ہے، ہمارے بچے، بہنیں، بیٹیاں پڑھائی نہیں کر سکتیں۔ آپ اس کو مہربانی فرما کر اس قرارداد میں add کر لیں اور دہشت گردی any form میں ہو، ہمیں اچھے اور برے کی تمیز نہیں کرنی۔

---

(اس موقع پر جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

---

**جناب نور عالم خان:** جو بندہ پاکستان کی فوج کے خلاف، ہمارے بچوں کے سکولوں کے خلاف کچھ کرتا ہے تو وہ پاکستانی نہیں دہشت گرد ہے اور اس کے خلاف ہم سب کچھ کریں گے۔ مہربانی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سحر کامران صاحبہ۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اس پارٹی سے ایک بندہ بھی نہیں بولا ہے۔ آپ دو منٹ صبر کریں، اس کے بعد آپ کو بھی مل جائے گا۔ Dictate تو نہ کریں۔ سحر کامران صاحبہ بولیں۔

**محترمہ سحر کامران:** بلوچستان میں دہشت گردی کا جو واقعہ ہوا ہے میں اس کی بھرپور مذمت کرتی ہوں۔ اس واقعہ کو محض isolation میں نہیں دیکھا جا سکتا، ہمارے سامنے کلبھوشن یادیو کی ایک جیتی جاگتی مثال موجود ہے۔ اس وقت خطے کے حالات کو اگر مد نظر رکھیں تو TTP اور ہندوستان کا جو ایک nexus ہے اس کو سامنے رکھیں، even اسرائیل کی activities کو سامنے رکھیں تو یہ ایک منظم حملہ تھا جس کا مقصد صرف بلوچستان کو نہیں بلکہ پاکستان کو target کرنا تھا۔

میں سکیورٹی فورسز،افواج پاکستان اور پولیس کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں، جنہوں نے اس حملے کو ناکام بنایا، شہادتیں بھی دیں اور یہ کہا جائے کہ صرف محرومیوں کی بات ہے۔ کہاں پر یہ ہوگا کہ اگر آپ محرومیوں کا شکار ہیں تو اپنے ہی بچوں، خواتین اور اپنی ہی سرزمین پر حملے کریں۔ نہ آپ کے سکول یونیورسٹیاں اور مارکیٹیں محفوظ ہیں، نہ شہری علاقے محفوظ ہیں تو یہ بات صرف محرومیوں کی نہیں ہے۔ یہ بات اس insurgency اور بیرونی مداخلت کی ہے جو ایک منظم طریقے سے بلوچستان کے اندر instability پیدا کرکے پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ بات بلوچستان کے resources اور پاکستان کو کمزور کرنے کی بھی ہے، میرے بھائی نے ابھی بالکل صحیح کہا کہ یہ بات صرف بلوچستان کی نہیں ہے، خیبر پختونخوا میں بھی دہشت گردی کے اسی طریقے سے واقعات ہو رہے ہیں۔ اس پر ہم یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ سرحد پار سے قائم activities بڑھتی جارہی ہیں۔

TTP کس طریقے سے ان دہشت گردوں کے ساتھ اپنے رابطے کررہی ہے اور ان دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ بھی۔ میں سمجھتی ہوں کہ BLA بھی اب پوری طرح expose ہوگئی ہے کہ وہ دہشت گردی کے واقعات کو قبول کرکے ان میں شریک بھی ہوتی ہے۔ یعنی 9 سے 12 جگہوں پر ایک منظم حملہ کرنا، اس کیلئے جو tactical اور logistic support دستیاب ہوئی ہے آپ کا کیا خیال ہے کہ وہ بلوچستان سے ہوئی ہے؟ Definitely اس کے اندر بیرونی ضرور عوامل ہیں اور ان بیرونی عوامل کو شکست دینے کیلئے ہمارے پاس ایک ہی راستہ ہے اور وہ ہے قومی یکجہتی کہ ہم ایک ہوں، وہ جو تقسیم کرنا چاہتے ہیں اور جو curriculum, Israeli think tank MEMRI بلوچستان میں پڑھانا چاہتا ہے، جس طریقے سے مطالعہ بلوچستان کے ذریعے لوگوں کی ذہن سازی کرنا چاہتے ہیں یہ بات صرف ذہن سازی کی بھی نہیں ہے، یہ بات صرف بیانیے کی بھی نہیں ہے، یہ بات لوگوں کو محرومیوں کا احساس دلا کر دہشت گردی کی طرف راغب کرنے کی ہے۔

کوئی ماں یہ نہیں چاہے گی کہ اُس کے بچے خودکش بمبار بنیں۔ کوئی ماں یہ نہیں چاہے گی کہ وہ اپنے بچوں کو پال پوس کر خود ہی اپنے ہی گھروں پر حملہ کرنے کیلئے تیار کرے۔ کوئی ماں یہ نہیں چاہے گی کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم نہ دلائے۔ پھر دہشت گردوں کی رسائی اگر red zone اور شہروں تک بھی ہو، جعفر ایکسپریس کا واقعہ ہمارے سامنے ہے اور میں یہ کہوں گی کہ اس وقت ایسی تنظیم جو internationally terrorist organization declared ہے، اُس کی نقل و حرکت کو کسی قسم کی ہمدردی کی نگاہ سے دیکھنا بالکل غلط ہے۔ ہمیں بالکل ایک منظم counter narrative بھی بنانا ہے اور ان دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے یک زبان بھی ہونا ہے۔ میں یہاں پر کوئی اور ایجنڈا یا اس واقعے کو لے کر کوئی اور گفتگو نہیں کروں گی، میں یہی کہوں گی کہ بالکل ٹھیک ہے بلوچستان میں development ہونی چاہیئے لیکن ہمیں زمینی حقائق کو بھی دیکھنا چاہیئے کہ آبادی کم اور رقبہ زیادہ ہے۔ جو فنڈز نہیں لگا رہے اُن کا بھی احتساب ہونا چاہیئے، فنڈز ملتے ہیں لیکن وہ لگائے نہیں جاتے، ابھی ایک honourable Member نے کہا کہ کرپشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ جہاں پر فنڈنگ ہو رہی ہے، اب CPEC کو کون ناکام بنانا چاہ رہا ہے؟ گوادر پورٹ کی development کو کون ناکام بنانا چاہ رہا ہے، جو بار بار infrastructure develop ہوتا ہے اُس کو حملوں میں تباہ کون کرتا ہے اس بات کو ضرور سامنے رکھیں۔

تو بات یہ ہے کہ خطے کے اندر ہونے والی تبدیلیوں کو بلوچستان سے link کرنا بالکل درست ہوگا اور اس کیلئے ہم نے یہ دیکھا تھا کہ اگر کوئی آپریشن کامیاب ہوا تھا تو وہ National Action Plan کے بعد کا تھا، جو ایک بہت مشکل جنگ افواج پاکستان نے اپنی سرحدوں کے اندر لڑی اور دہشت گردوں سے اس سرزمین کو پاک کیا۔ آج پھر ہمیں اُسی طرح کے National Action Plan کی ضرورت ہے۔ جہاں پر پاکستان کے عوام، افواج پاکستان اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ یک زبان ہو کر کھڑے ہوں اور ہم بجائے یہ کہ اپنے اپنے سیاسی ایجنڈے کو سامنے رکھیں، ہم صرف ایک ایجنڈے کو سامنے رکھیں اور وہ پاکستان ہے۔

یہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی بات نہیں ہے، یہ پاکستان کی بات ہے، یہ پاکستان کی سلامتی، ترقی اور مستقبل کی بات ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ جس طریقے سے بھارت کو سندور آپریشن کے اندر شکست فاش ہوئی ہے ،اب وہ مختلف حیلے اور بہانے سے کوئی نہ کوئی اس طریقے سے insurgency کی کارروائیاں کرنا چاہتا ہے تاکہ پاکستان سے اس شکست کا بدلہ لیا جاسکے۔ اس کیلئے ہمیں ان کے عزائم کو ناکام بنانا ہے۔ اگر پاکستان کے عوام دشمن کے بیانیے کو ناکام بنادیں تو پھر کوئی طاقت ایسی نہیں ہے جو پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھ سکے۔ میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کے ہر صوبے کو، عوام کو، سکیورٹی فورسز کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور پاکستان کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنائے۔ پاکستان زندہ باد۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ بریگیڈیئر گھمن صاحب۔

**جناب محمد اسلم گھمن:** نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ۔ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سب سے پہلے تو جو بلوچستان میں دہشت گردی کا دلخراش واقعہ ہوا، جس میں 177 دہشت گردوں کو واصل جہنم کیا گیا۔ ہماری پاک افواج اور ایجنسیوں کے 17 جوان شہید ہوئے اور 33 کے قریب بے گناہ شہری شہید ہوئے، اِس واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور بلوچستان کے ان لواحقین کے ساتھ جتنی ہمدردی کی جائے کم ہے۔ PTI نے پہلے بھی، ہمارے چیئرمین اور اپوزیشن لیڈر نے بھی اس کو condemned کیا ہے اور کہا ہے کہ ہم دہشت گردی کے خلاف اور پاک افواج کے ساتھ ہیں۔ پاک افواج کی قربانیاں، جو ان گنت ہیں اور اس طرح KP کے لوگوں کی قربانیاں بھی ان گنت ہیں، ہم اُن کو بھی ignore نہیں کرتے اور ان کے ساتھ بھی یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ ان شاءاللہ ان شہیدوں کا خون ضرور رنگ لائے گا۔

جناب سپیکر! ہمیں ذرا اس کی background میں جانا چاہئیے، کہ یہ دہشت گردی آج سے نہیں شروع ہوئی۔ سپیکر صاحب! توجہ دیں یا تو میں بیٹھ جاؤں، اتنا اہم مسئلہ ہے یا ان کو کہیں کہ بعد میں بات کرلیں۔ سپیکر صاحب! توجہ دیں۔ امریکا جو صرف وقت کے لحاظ سے دوستی کرتا ہے، اُس کے بعد کیا ہوا؟ اس نے ہمیں کیا دیا؟ ہمیں کلاشنکوف کلچر دیا، ہماری economy تباہ کی۔ مجھے علامہ اقبال کا شعر یاد آ گیا ہے۔

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے، نہ من تیرا نہ تن
وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

بلوچ اتنے ہی محب وطن پاکستانی ہیں جتنے ہم سب ہیں۔ دہشت گردی پنجاب میں بھی ہوئی ہے، بلوچستان میں بھی ہوئی ہے، کے پی میں بھی ہوئی ہے تو ہم سب یکجا ہوں، پاک افواج نے بہت زیادہ قربانیاں دی ہیں۔ ہم ان کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھول سکتے۔ پاک فوج ہماری ہے ہمارے لیڈر عمران خان صاحب نے بار بار کہا ہے کہ ہم پاک فوج کے ساتھ ہیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال 8 مئی ہے کہ جب انڈیا نے پاکستان پر حملہ کیا تو بغیر سوچے عمران خان نے اندر سے message بھیجا کہ پی ٹی آئی پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے اور ہم نے یکجہتی کا مظاہرہ بھی کیا اور ہمارے سوشل میڈیا اور پوری پارٹی نے بھی۔ یہاں کل دو معزز سیاسی پنڈٹ بات کر رہے تھے کاش وہ یہاں موجود ہوتے۔ ایک کا تعلق میرے ضلع سے ہے اور دوسرے کا چکوال سے ہے تو ان کی تقریریں سن کے لگا کہ بڑے مومن ہیں۔ انہوں نے اس ملک کے لیے کوئی غلط کام نہیں کیا۔ لیکن یہ کرپشن اور bad governance کی سرپرستی خود کرتے ہیں، الیکشن چرا کر یہاں آتے ہیں۔ یہ کیسے ملک کے خیر خواہ ہیں۔ یہ آج کی دہشت گردی نہیں ہے، میں نے ایک شعر سنا تھا چھوٹے ہوتے ہوئے۔

دورنگی چھوڑ، یک رنگ ہوجا

سراسر موم ہو یا سنگ ہوجا

یہاں دہرا پن نہیں چلتا۔ سپیکر صاحب! یہ Cabinet میں ایک طرف کہتے ہیں کہ بلدیاتی الیکشن نہیں ہوتے اور خود 20، 20 سال سے Cabinet میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ کیا ہے؟ دوسری جہاں تک یکجہتی کی بات ہے، ابھی اسد قیصر صاحب نے بات کی کہ پنجاب میں اشتہاری ترقی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ اخبار اٹھا کر دیکھ لو باپ بیٹی کی تصویر ہر روز آتی ہے اربوں روپے خرچ کیے ہیں۔ جب کہ عوام کے کام نہیں ہو رہے ہیں۔ میری یونیورسٹی جس کا خان صاحب نے افتتاح کیا تھا وہ بنی تھی لیکن اس کے funds روک دیے گئے۔ سمبڑیال کھاریاں موٹروے کو روک دیا گیا۔ یہ کس یکجہتی اور محبت کی باتیں کرتے ہیں۔ یہ چونکہ فارم 47 کی پیداوار ہیں ان سے توقع نہیں کی جاسکتی۔ اگر یہ مخلص ہیں تو خان کو کیوں نہیں چھوڑتے۔ عمران خان کو اگر ڈاکٹرز مل لیں گے تو کیا آسمان گر جائے گا؟ ان کی بہنوں کو کیوں نہیں ملنے دیتے ہیں۔ اگر یکجہتی کرنی ہے تو وہ popular leader ہے۔ وہ پاکستان کی سب سے بڑی جماعت کا leader ہے اور ہم اس کے ساتھ ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔

**جناب محمد اسلم گھمن:** سر! دو منٹ دے دیجیے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بہت سارے speakers ہیں wind up کریں۔

**جناب محمد اسلم گھمن:** دیکھیں، بات سنیں یہاں ہم کس لیے آتے ہیں۔ سپیکر صاحب آپ time نہیں دیتے ہیں لیکن ہم لوگوں کو جوابدہ ہیں۔ ہمارے غریبوں کا کام نہیں ہو رہا۔ کسان رل گیا ہے۔ آلو کا حال دیکھ لیں۔ آلو سڑکوں پر پھینکا جا رہا ہے۔ ان کے خرچے پورے نہیں ہوتے۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ سردیوں میں سارا سارا دن ہوتی ہے۔ گندم کو دیکھ لیں، کسانوں اور مزدوروں کا برا حال ہے۔ ہم نے کیا اس ملک کے لیے چھوڑا ہے اور پھر ہم

فیصلے بھی اپنی مرضی سے نہیں کر سکتے۔ خدارا اپنی ذات کو بھولیں، ملک کی تباہی صرف اس لیے ہوئی ہے کہ ہم نے ذات کو اور کرسی کو آگے رکھا ہوا ہے اور ہم نے عوام اور پاکستان کی بات نہیں کرنی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، بیرسٹر گوہر صاحب ایک منٹ کے لیے۔

**جناب گوہر علی خان:** شکریہ جناب سپیکر، جناب سپیکر! میں صرف ایک مسئلہ point out کرنا چاہ رہا تھا۔ سپیکر صاحب نے Ruling دے دی ہے اور انہوں نے اسد قیصر صاحب کے کچھ الفاظ expunge کر دیئے ہیں۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ اس وقت discussion دہشت گردی اور بلوچستان پر ہو رہی ہے اور ہماری طرف سے message جانا چاہیئے کہ without ifs and buts ہم اس کو condemn کرتے ہیں اور یہ voices جانی چاہیئے کہ ہمارے ملک میں، ہماری ریاست میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ اختلاف رائے ہو سکتا ہے اس کو deal کیا جائے گا لیکن دہشت گرد جو ہتھیار اٹھاتا ہے اس کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے اس میں کوئی دورائے نہیں ہے۔

جناب سپیکر! Expunge کے بارے میں، میں یہ کہوں گا کہ یہ آئینی تقاضا ہے۔ آئین کے Articles 68, 69 بڑے clear ہیں۔ Article 68 میں یہ لکھا ہے کہ عدلیہ کے ججز کے conduct کے بارے میں کوئی discussion Parliament میں نہیں ہو سکتی۔ Article 69 میں ہے کہ عدالت پارلیمنٹ کی کارروائی کو نہیں دیکھ سکتی۔ جو آپ کے rules بنے ہوئے ہیں rule 284 کے مطابق جو words expunge کیے جا سکتے ہیں وہ وہ لفظ ہیں کہ اگر وہ لفظ indecent، undignified defamatory یا وہ un-parliamentary ہوں۔ یہ چار الفاظ ایسے ہیں کہ جس سے decorum effect ہونے کی accusation آجاتی ہے۔ جناب سپیکر! آزاد عدلیہ کی ہم نے پہلے بھی struggle کی ہے اور آئندہ بھی کریں گے۔ اگر عدلیہ پر criticism reforms کے سلسلے میں تو kindly ایسے الفاظ کو آپ expunge نہ کیا کریں۔ لوگوں کو اور اس ایوان کے پاس full اختیار ہونا چاہیئے کہ وہ جس طرح کی discussion چاہیں اپنی full force کے ساتھ کریں۔ یہ reforms کے سلسلے میں ہم کسی شخص کو target نہیں کر رہے ہوتے ہیں لیکن یہ گفتگو صرف reforms کے سلسلے میں ہوتی ہے۔ اس لیے میں گزارش کروں گا کہ ان الفاظ کو expunge نہ کریں۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، حفیظ الدین صاحب۔

**سید حفیظ الدین:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ محترم سپیکر صاحب، آج ہم اس ایوان میں بالخصوص بلوچستان کی صورتحال پر اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں جناب وزیر دفاع نے، Leader of the Opposition نے اور راجہ پرویز اشرف صاحب نے۔۔۔

(اذان ظہر)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جناب حفیظ الدین صاحب۔

**سید حفیظ الدین:** جناب میں عرض کر رہا تھا کہ بلوچستان کے مسئلے پر وزیر دفاع، Leader of the Opposition اور راجہ صاحب نے سیر حاصل گفتگو کی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی اچھی بات ہے کہ ایوان کے دونوں sides نے ایک مشترکہ Resolution بھی پاس کی ہے۔ اس Resolution کی رو سے بلوچستان میں جو صورتحال پیدا ہوئی اور جس طریقے سے افواج پاکستان نے اس کا دفاع کیا ہے اور لوگوں کو آسانیاں پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے ہم اس کو سراہتے ہیں۔ اصل صورتحال اس سے ہٹ کر ہے۔ 48 گھنٹوں میں تقریباً 177 دہشت گرد ہلاک اور 17 لوگ سکیورٹی فورسز کے جوان شہید ہوئے ہیں اور 30 کے قریب عام شہری بھی شہید ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ساری صورتحال میں جن نکات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اور ہمیں دیکھنا ہو گا کہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت جو رقوم اور federal development کے نام پر جو special grants جاتی ہیں اور اس کے علاوہ provincial taxations ہیں یہ تمام کے تمام میری نظر کے اندر کرپشن کی نذر ہو جاتے ہیں۔ ان عوامل پر پورے طریقے سے توجہ دینی چاہیئے۔ اس توجہ کی ضرورت اس وجہ سے بھی زیادہ ہے کہ جو وہاں پر صورت حال ہے۔ پچھلے بجٹ میں NFC کی مد 968 ارب روپے ان کو دیے گئے۔ ان کی جو provincial recoveries ہیں وہ بھی 170 ارب روپے کے قریب ہیں۔ ان تمام figures کو دیکھتے ہوئے اندازہ ہوتا ہے کہ بلوچستان میں یہ رقوم پورے طریقے سے صرف نہیں ہو رہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ federal government کے تمام اداروں کو اس بات پر توجہ دینی چاہیئے کہ یہ رقوم وہاں پر پورے طریقے سے خرچ ہوں۔

وزیر دفاع نے جس انداز میں اپنا charter پیش کیا۔ اس میں انہوں نے بتایا کہ جب پاکستان آزاد ہوا تو کیا کیفیت تھی اور اس کے بعد کیا رہی۔ سکولوں اور ہسپتالوں کے نمبر زدیے۔ ان تمام چیزوں کو دیکھتے ہوئے لگتا ہے کہ کچھ ترقی تو ہوئی ہے لیکن جتنے وسائل وہاں گئے ہیں اتنی ترقی نظر نہیں آتی۔ ہم بلوچستان میں سفر کرتے رہے ہیں۔ وہاں پر کوئی proper industrial area نہیں ہے۔ حب کا ایک industrial area ہے، جو کراچی base پر چلتا ہے۔ اس کے علاوہ پورے صوبے میں کوئی industrial units لگانے کی proper جگہ موجود نہیں ہے۔ وہاں پر agriculture support programmes proper نہیں ہیں۔ ان تمام پر توجہ دینی چاہئیے۔ وہاں پر organic cotton کو کاشت کرنے کی ضرورت ہے۔ وہاں پر پانی بھی میسر ہے organic cotton کاشت ہو سکتی ہے، لیکن اس پر بھی توجہ نہیں دی جاتی۔ وہ organic cotton اسی raw form میں export ہو جاتی ہے اور multinationals لے جاتے ہیں۔ یہ بات میرے personal knowledge میں ہے۔ وہاں پر کوئی proper ginning factory نہیں ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اعجاز الحق صاحب نے بھی چند باتوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہاں پر پچھلے چند سالوں میں 5 ہزار غیر مقامی شہادتیں ہوئی ہیں۔ اس بات کا نوٹس لیا جانا چاہیئے اور ان تمام چیزوں پر غور کرنا چاہیئے۔ BLA جس طرح دعوے کر رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر پورے طریقے سے توجہ دینی چاہیئے اور ملکی وسائل کو دہشت گردوں کے ہاتھوں پامال نہیں ہونے دینا چاہیئے۔

میں چند تجاویز پیش کرنا چاہتاہوں۔ سب سے پہلے اس challenge کا مقابلہ امن وامان کے اقدامات سے نہیں بلکہ مجموعی قومی حکمت عملی کے ذریعے کرنا ہوگا۔ جس میں intelligence network کی مزید مضبوطی اور بروقت معلومات کا بہتر تبادلہ، سماجی و اقتصادی محرومیوں کے اسباب کا مسلسل جائزہ اور ان کے حل کی سمت اقدامات، علاقائی تعاون اور دہشت گردی کے خلاف حکمت عملیاں، بلوچستان کے عوام کے ساتھ اعتماد کی فضا پیدا کرنا ہوگی، بنیادی سہولیات، روزگار اور infrastructure میں وسیع سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ یہ وہ صورت حال ہے جس سے ہم وہاں کے لوگوں کا اعتماد حاصل کر سکتے ہیں۔ No doubt وہاں کی آبادی بہت کم ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آبادی کم ہونے کی وجہ سے آسانیاں ہونی چاہیئں جن کے ذریعے ہم لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ان اقدامات کی طرف لے جا سکتے ہیں جہاں سے لوگ بہتر سہولتوں اور اقدامات کے ذریعے بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

## MOTION FOR SUSPENSION OF RULES 51,55,57 AND 158 IN ORDER TO TAKE UP A RESOLUTION

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی شکریہ۔ قاسم نون صاحب آپ Kashmir پر Motion پڑھیں۔

**Chairman Parliamentary Committee on Kashmir (Rana Muhammad Qasim Noon):** Thank you Mr. Speaker! I move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the requirements of the Rules 51, 55, 57 and 158 of the said rules in respect of ballot of Private Member, Resolutions, Orders of the Day and Notice of Resolution for today may be suspended, in order to take up Resolution.

**Mr. Deputy Speaker:** Now, I put the Motion to the House. The question is that the Motion, as moved, be adopted.

(The Motion was adopted.)

## RESOLUTION EXPRESSING SOLIDARITY WITH KASHMIRI PEOPLE FOR THEIR STRUGGLE TO THE RIGHT OF SELF DETERMINATION AND CONDEMNING THE ACT OF CHANGING DEMOGRAPHIC STRUCTURE OF THE REGION IN INDIAN ILLEGALLY OCCUPIED JAMMU AND KASHMIR (IIOJK)

**Mr. Deputy Speaker:** Rana Muhammad Qasim Noon Sahib please move the Resolution.

**Rana Muhammad Qasim Noon:** Thank you Mr. Speaker Sahib! The Parliamentary Committee on Kashmir, in its meeting held today, adopted the following Resolution:-

The Parliamentary Committee on Kashmir reaffirms that Jammu and Kashmir remains an unresolved international dispute and that the people of Jammu and

Kashmir continue to be denied their inalienable right to self-determination, in accordance with the United Nations Security Council Resolutions on Jammu and Kashmir;

Expresses its unwavering solidarity with the people of Jammu and Kashmir, who continue to suffer under prolonged occupation and repression by India;

Welcomes and appreciates the presence of British Member of Parliament, Honourable Imran Hussain, and lauds his consistent and principled efforts in raising awareness and forcefully advocating the Jammu and Kashmir dispute in the Parliament of the United Kingdom;

Welcomes and acknowledges the debate held in the UK Parliament on Jammu and Kashmir, initiated through the efforts of Honourable Imran Hussain, Chairman of the All Parties Parliamentary Group on Kashmir, in House of Commons as a positive step towards international awareness of the dispute;

Strongly condemns the ongoing Indian atrocities and grave human rights violations in Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir;

Notes with serious concern the report of the United Nations Special Mandate Holders released in November, 2025, which highlights systematic violations of human rights in Indian illegally occupied Jammu and Kashmir;

Condemns India's draconian laws such as Public Safety Act (PSA), Unlawful Activities Prevention Act (UAPA) and Armed Forces Special Power Act (AFSPA) illegally and indiscriminately use of force to suppress political dissent, restrict fundamental freedoms;

Pays rich tribute to the brave and resilient people of the Indian Occupied Jammu and Kashmir, who continue their struggle for self-determination despite severe repression and atrocities by Indian forces;

Strongly condemns India's illegal and unilateral actions of 5$^{th}$ August, 2019, through which it abrogated Articles 370 and 35-A, in blatant violation of international law, United Nations Security Council Resolutions and the aspirations of the people of Jammu and Kashmir;

Resolved that the Committee demands that India immediately reverse its illegal actions of 5$^{th}$ August, 2019 and refrain from any measures aimed at altering its demographic, political or legal status.

Rejects the cosmetic changes in the IIOJK and reaffirms that Jammu and Kashmir is an internationally recognized dispute, this is not the integral part of India, the final settlement of which awaits implementation of relevant United Nations Security Council Resolutions;

Calls upon the international community to force India to immediately end human rights' violations in IIOJK, lift all repressive measures, release all political prisoners and allow unhindered access to international human rights' organizations and observers;

Further calls upon the international community including the United Nations, to play its due and effective role in resolving the Indian illegally occupied Jammu and Kashmir dispute in accordance with the aspirations of the Kashmiri people;

We welcome the US President Donald Trump's initial offer of mediation in third country to resolve the Jammu and Kashmir dispute after May, 2025 conflict between Pakistan and India.

We reject any unilateral decision by India regarding the Indus Waters Treaty (IWT) and stresses that such actions threaten regional peace and stability; and considers this illegal step as an "act of war".

This Committee declares its complete and unwavering solidarity with the Kashmiri People and pledges to stand with them in all circumstances until their legitimate aspirations are realized in accordance with the wishes of the Kashmiri people as enshrined in the relevant United Nations Security Council Resolutions.

پاکستان کل بھی کشمیر کے ساتھ کھڑا تھا، آج بھی ہے اور آنے والے وقتوں میں بھی ساتھ رہے گا۔

Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir کے برادران، sisters اور daughters کو ہم کبھی بھی اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ شکریہ۔

**Mr. Deputy Speaker:** Now, I put the Resolution to the House. The question is that the Resolution, as moved, be adopted unanimously.

(The Resolution was adopted unanimously.)

## FURTHER DISCUSSION ON A MOTION UNDER RULE 259 *REG*: THE PREVAILING LAW AND ORDER SITUATION IN THE COUNTRY AND PARTICULARLY IN BALOCHISTAN

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ریاض فتیانہ صاحب۔

**جناب محمد ریاض فتیانہ:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! جناب گزارش یہ ہے کہ Soviet Union–Afghan war سے ہی یہ حالات خراب ہونا شروع ہو گئے تھے اور پاکستان اس وقت دو قسم کی دہشت گردی کا سامنا کر رہا ہے۔ ایک ہے مذہبی دہشت گردی اور دوسری ہے نسلی دہشت گردی۔ اگر ہم بلوچستان کی طرف دیکھیں تو وہاں کافی عرصے سے حالات خراب ہیں۔ Rural areas میں پیٹرول پمپس کو روکا گیا ہے کہ پیٹرول نہ دیں سرکاری گاڑیوں کو، ریسٹورنٹس کو روکا گیا کہ کھانا نہ دیں سرکاری ملازم چھوٹے لیول کا بھی اگر tour کرتا ہے اور کوئٹہ میں جو کچھ ہوا وہ آپ کے سامنے ہے۔ یہاں کوئٹہ سے تفتان تک آٹھ گھنٹے کا travel ہے۔ ایران جانے والے زائرین پر حملے کیے گئے۔ اس سے پہلے جو مزدور یہاں سے یا باقی وزیٹر جاتے ہیں، بسوں سے ان کے شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد جو پنجاب سے تعلق رکھتے تھے، ان کو اتار کر قتل کیا گیا۔ تو situation کافی گھمبیر رہی ہے۔ ٹرین blasts ہوئے، بہت کچھ ہوا، پٹڑیاں اکھاڑی گئیں۔ جناب سپیکر! خیبر پختونخوا میں بھی آپ نے دیکھا، پشاور میں Army Public School پر حملے سے لے کر پورے پاکستان میں صورتحال خراب رہی۔ مذہبی دہشت گردی کے نام پر اقلیتوں پر حملے ہوئے۔ امام بارگاہوں، مساجد، چرچز، مارکیٹس، بسوں میں بم blasts ہوئے۔ یہ سلسلہ کافی عرصے سے اور کئی decades سے ہم دیکھ رہے ہیں۔ اس موقع پر میں یہ بھی کہوں گا کہ شہداء کی بڑی تعداد میں civilians بھی ہیں، فوج، FC, BC, پولیس، ان سب کی قربانیاں ہیں جنہوں نے ملک اور پاکستان کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور جن کو ہم نے ہمیشہ خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

جناب والا! اس وقت مدرسوں کی حالت یہ ہے کہ افغان وار سے پہلے چند سو مدرسے تھے، اب کئی ہزار مدرسے ہیں۔ دور نہ جائیں، صرف اسلام آباد کو دیکھ لیں اور بھی دور نہ جائیں تو مارگلہ روڈ پر دیکھ لیں کہ کیا پوزیشن ہے، شام کے وقت وہاں کیا situation ہوتی ہے، آپ کو اندازہ ہو جائے گا۔

جناب والا، پاکستان سے اگر تھوڑا سا باہر نکلیں تو دہشت گردی سے کئی ملک متاثر ہوئے ہیں۔ سری لنکا میں Tamil Tigers کے ساتھ بڑی دیر تک جنگ ہوئی اور پاکستان نے وہاں Sri Lankan Government اور فوج کو سپورٹ کیا۔ نادرن آئرلینڈ میں Irish Republican Army (IRA) بنائی گئی، جس نے دیر تک جنگ لڑی۔ آئرلینڈ کے دو حصے ہیں؛ Republic of Ireland انڈیپنڈنٹ ہے اور Northern Ireland برطانیہ کا حصہ ہے۔ میں کچھ عرصہ پہلے Queen's University Belfast میں ایک شارٹ کورس کے لیے گیا، جو نادرن آئرلینڈ کا Capital ہے۔ میں نے وہاں Conflict Resolution, Peace and Human Rights پر کورس کیا اور پھر وہاں ملاقاتیں بھی کیں، جس سے اندازہ ہوا کہ ان چیزوں کو resolve کیا جا سکتا ہے۔ اس میں President Clinton نے ایک major role ادا کیا، جو امریکن پریذیڈنٹ تھے اور Irish-American تھے۔

جناب والا! اسی طرح اگر آپ دیکھیں تو Colombia لاطینی امریکہ کا ایک مشہور ملک ہے، جہاں drug mafia and smugglers کی اپنی armies تھیں، اور ابھی بھی وہاں کا جو Colombian President ہے، وہ خود ایک پرائیویٹ آرمی کا سربراہ ہے،

جسے قومی دھارے میں لایا گیا ہے۔ لاطینی امریکہ میں یہ وباء عام ہے، اور اب یہ پوزیشن افریقہ میں ہے۔ کئی ملکوں میں drug mafias اور ان کی private armies نے دہشت گردی کی ہے۔ یہ Kurdistan Liberation Army عراق، Syria اور ترکی میں نبرد آزما ہے وہاں کی فورسز کے ساتھ۔ یہ ایک الگ سے عسکری تنظیم ہے جس پر ان لوگوں نے عمل کیا ہے۔

جناب والا! میں اس موقع پر یہ کہنا چاہوں گا کہ ماضی میں ہم نے بڑے بھرپور military operations کیے، سوات میں، وزیرستان میں، ان کے مثبت نتائج بھی نکلے اور بڑے clean operations ہوئے۔ ابھی پاکستان کی افواج یہ کام کر رہی ہیں اور پاکستان کی قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ اس موقع پر میں گزارش کروں گا کہ اگرچہ ماضی میں Madrassa reforms کی گئیں، مشرف دور میں، لیکن وہ نیم دلی کے ساتھ کی گئیں، اس پر کام مکمل نہیں ہو سکا۔ تو میں گزارش کروں گا کہ پاکستان کے سارے مدرسوں کو آپس میں merge کر دیا جائے، ان کا same curriculum ہو اور اس کا نام ہی Government Madrassa School ہو۔ کیونکہ مدرسوں میں کون جاتا ہے؟ غریبوں کے بچے جاتے ہیں، جہاں روٹی، رہائش، کپڑے اور تعلیم مفت ملتی ہے۔ غربت کی وجہ سے لوگ بچوں کو وہاں بھیجتے ہیں۔ تو یہ ساری سہولتیں Government Madrassa School میں بھی ریاست فراہم کرے۔ اس میں NACTA بنائی گئی۔ میں خود بھی اسکے BOG کا ممبر رہا ہوں۔ انتہائی غیر مؤثر ادارہ ہے، اس کو مزید بہتر ہونا چاہیئے۔

اسی سلسلے میں، میں یہ گزارش کروں گا کہ اٹھارہویں ترمیم کے نتیجے میں جو قدرتی وسائل صوبوں کے حوالے کیے گئے تھے، اس پر بھی عمل کیا جائے ۔ بلوچستان اور باقی تمام صوبوں میں ان وسائل کا حق ان کی مقامی آبادی کو دیا جائے۔ روزگار ،خوشحالی، infrastructure development کے لیے کام کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ جوانی میں، میں خود ایک student organization, Muslim Students Pakistan کا two-time Central President رہا ہوں۔ میں نے بلوچستان کے کئی tours کیے ہیں، وہاں میرے دوستوں کا network وسیع ہے۔ Youth Exchange Program کی میں proposal دیتا ہوں کہ چاروں صوبوں کے نوجوانوں کو دوسرے صوبوں کے تعلیمی اداروں میں کوٹے کے تحت تعلیم اور scholarships دی جائیں۔ اس سے قومی یکجہتی میں اضافہ ہو گا۔

اور آخری بات میں یہ کہہ کر ختم کرتا ہوں کہ جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں ہو گا، سیاسی قیدی عمران خان سمیت رہا نہیں کیے جائیں گے اور حکومت و اپوزیشن کے درمیان مثبت مذاکرات نہیں ہونگے، تب تک پاکستان کو آگے بڑھنے میں جو مشکلات ہیں وہ دور نہیں کی جا سکتیں۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** محترمہ حنا ربانی کھر صاحبہ۔

**محترمہ حنا ربانی کھر:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! میں اس چیز سے بالکل cognizant ہوں کہ we are debating a very important matter, اور اس کے بارے میں ،میں صرف یہ کہنا چاہوں گی کہ مجھے لگتا ہے کہ پچھلی کئی دہائیوں سے ہم ایک ہی situation دیکھ رہے ہیں۔ کہ بلوچستان کی situation بد سے بدتر ہوتی گئی اور ہم سمجھتے ہیں کہ جو tools ہم استعمال کرتے رہے ہیں، انہی

toolsکو بار بار استعمال کرتے ہوئے we will act exactly the same and we will be able to get different solution or environment and I think what we need to do is to completely change the eco system.

اور جناب سپیکر! اس میں سب سے زیادہ یہ کہنے کی ضرورت ہے کہ جب تک ہم بلوچستان کے اپنے لوگوں کے مسائل کو ان کی نظر سے نہیں دیکھیں گے، the problem will persist. But, Mr. Speaker, thank you for your indulgence.

آج میں نے آپ سے وقت اس لیے لیا کیونکہ میں ایک بہت ہی important Point of Order لے کر آئی تھی۔ میں اس ایوان کی attentionایک معاملے کی طرف دلانا چاہتی تھی کہ ہمارے بہت سارے دیہی علاقوں میں، خاص طور پر پنجاب میں، وہاں heavy industryآکر جس طرح environmental degradation کر رہی ہے، اور جس طرح لوگوں کی جانوں کے ساتھ کھیلا جا رہا ہے، تو وہ مقامی administrationکی ملی بھگت سے ہو رہا ہے۔ کسی قسم کے environmental protocolsفالو نہیں ہو رہے، hazardsکے لیے جو کسی بھی industryکے اندر requirementsہوتی ہیں وہ فالو نہیں کی جا رہیں۔

جناب سپیکر! پچیس جنوری کو Sheikho Sugar Millمیں دو کام کرنے والے آدمی فائر میں جل کر راکھ ہو گئے اور تیسرا شخص اس وقت ہسپتال میں ہے with serious injuries. Now, one would say may be یہ ایک دفعہ ہو گیا یا کبھی ہو جاتا ہے۔ The fact isاسی شوگر مل میں بے پناہ اور لوگ بھی جل کر مرے ہیں، کبھی boiling potsمیں literallyجو ان کے boilersہوتے ہیں ان میں گر کر فوت ہوئے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مسٹر سپیکر! وہ تمام toxic waste and solid wasteکو roads پہ پھینک دیتے ہیں اور toxic waste and boiling wasteسیم نالے کے اندر چلے جاتے ہیں، جہاں پہ بچے سکول جاتے ہوئے گر کے مر جاتے ہیں۔ This has become a repeated problem. These incidents are persistently occuring, because hazards are not being followedاور ایف آئی آر اگر ہو بھی جاتی ہے مسٹر سپیکر! تو اس کے بعد اس incidentکے بارے میں کچھ نہیں کیا جاتا nobody is arrested, and taken to task. So this has become an issue, which is perhaps not only in Muzaffargarhیہ صرف مظفر گڑھ کی storyنہیں ہے۔ یہ تمام وہ انڈسٹری جو کہ ان علاقوں میں functionکر رہی ہے ان کی toxic wasteہمارے لوگ breathکرتے ہیں، ان کے نالوں کے اندر گر کے مر جاتے ہیں۔ لیکن نہ وہاں پہ اس چیز کا کوئی ازالہ کیا جاتا ہے، نہ وہاں کی ایڈمنسٹریشن اس کا کوئی نوٹس لیتی ہے۔

So, Mr. Speaker! میں آپ سے کہنا چاہتی ہوں کہ یہ ایک بہت specific issueہے کہ سیم نالے میں تمام boiling wasteاس پوری millکا چلا جاتا ہے اور جا رہا ہے ہمارے پاس بے پناہ environmental agencies ہیں، لوکل اور provincial

government کی ہیں۔ Why nothing has been done about this? Why does this continued to haunt the people of Muzaffargarh? کیاان کی جانیں عزیز نہیں ہیں؟ان کے اگردولوگ fire سے مر جاتے ہیں تواس کے اوپر کسی قسم کا کوئی ایکشن نہیں ہوتا ہے۔اس mill کو تواس وقت seal ہوناچاہیئے،جب تک وہاں کے hazards بہتر نہ ہو جائیں۔

So, Mr. Speaker! I would want your indulgence to take this matter very, very seriously, to ensure that when an industry like this is allowed to operate, it does not take the lives of their workers as non-seriously and this.

جناب سپیکر! میں بالکل wrap-up کر رہی ہوں لیکن میں، اس میں یہ ضرور بات کہنا چاہتی ہوں کہ ہم environment friendly ہونے کی بہت بات کرتے ہیں۔ مگر ہم mills کو waste boiling سیم نالے میں ڈالنے کی اجازت دے رہے ہیں without filtration, the protocols which are required by your environmental agencies and we are not sealing those factories, then I think we are doing a disservice to the whole nation, and specifically to the people of Muzaffargarh.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ جی۔ علی محمد خان صاحب، ٹائم کی پابندی کیجئیے گا پلیز۔

**جناب علی محمد:** کتناٹائم ہے، سر؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** پانچ منٹ، اس لیے کہ لسٹ بہت لمبی ہے۔

**جناب علی محمد:** سر! سات کر دیں کیونکہ شیطان کو سات کنکر مارے جاتے ہیں اور جن لوگوں نے بلوچستان میں یہ کیا ہے، وہ شیطان کے چیلے ہیں۔ یہ سیاسی مسئلہ نہیں ہے پاکستان کی بقاء کا مسئلہ ہے اس لیے میں آج ایک بطور پی ٹی آئی کے ممبر کے نہیں بلکہ بطور پاکستانی بات کر رہا ہوں۔

اللّٰھُمَّ صل عَلَی مُحَمَّدٍ وَعَلیٰ آلِہٖ مُحَمَّد

مانا کہ یہ سنسان گھڑی سخت گھڑی ہے

لیکن میرے دل میں تو فقط ایک گھڑی ہے

ہمت کرو جینے کو ایک عمر پڑی ہے

زندگی میں کچھ لمحات ایسے ہوتے ہیں محترم شاہ صاحب، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! جب انسان کو اپنی روح کے اندر سے دکھ محسوس ہوتا ہے۔ آپ بھی محترم شاہ صاحب اسی ایوان کا حصہ تھے اور میں بھی تھا 2014 کی بات ہے شاید جون کا مہینہ تھا جب قائدا اعظم محمد علی جناح کی زیارت ریزیڈنسی پر جب attack کیا گیا۔ وہ attack اگر کوئی پاکستانی سمجھے تو وہ attack زیارت ریزیڈنسی پہ نہیں تھا وہ attack 25 کروڑ عوام کے ہر گھر پہ تھا، ہماری عزت پہ حملہ تھا، پاکستان کی بقا و سلامتی کو چیلنج کیا گیا تھا۔ کاش اس وقت میاں صاحب یا اس کے بعد خان صاحب یا آج شہباز شریف

صاحب ہم سب کم از کم ان معاملات میں سیاسی طور پہ سارے اکٹھے ہو کے یہ فیصلہ کرتے کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے، جناح کے پاکستان پہ آنچ نہیں آنے دیں گے۔

میری زمین میرا آخری حوالہ ہے

میں رہوں یا نہ رہوں تُو اس کو بار آور کر دے

شاہ صاحب پہلے ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہے کہ یہ جو برسوں ترسوں بلوچستان میں ہوا ہے کیا یہ حقوق کے لیے نکلے تھے یا یہ بھارت اور اس کے شیطانی چیلے اسرائیل کی ایماء پہ پاکستان کی بقاو سلامتی کو چیلنج کرنے کے لیے نکلے تھے۔ This is an insurgency funded and supported by Israel and India. ہمیں فرق کرنا ہو گا۔ کیا یہ حقوق کی جنگ ہے یا یہ نام نہاد آزادی کی جنگ ہے، جو پاکستان کی بقاء و سلامتی پہ کاری ضرب لگانے کی جنگ ہے۔ آج بے شک یہاں خالی ایوان ہے۔ لیکن ساتھیوں نے اپنے دل کی باتیں کی ہیں۔ کل خواجہ آصف صاحب نے بھی گفتگو کی ہے انہوں نے پاکستان کی بقا، سلامتی اور شہیدوں کو own کرنے کی بات کی ہے۔ ہم بھی یہ بات کرتے ہیں۔

ہمارے دور میں گوادر کے ایک فائیو سٹار ہوٹل پہ attack کیا گیا ہمارا ایک دوست ساتھی جو کمانڈو تھا اس نے اپنی جان کی قربانی دی تھی۔ میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ اس کا نام تھا کمانڈو عباس۔ رمضان کا مہینہ تھا۔ عباس کی شہادت ہوئی، ہماری حکومت تھی۔ میں اپنی ذاتی گاڑی میں بیٹھ کے کسی سرکاری گاڑی پہ نہیں۔ اپنی ذاتی گاڑی میں بیٹھ کے یہاں سے ہری پور گیا، former Opposition Leader Omer Ayub Sahib کا حلقہ ہے۔ وہاں کمانڈو عباس کے والد صاحب سے ملا اور میں توجہ چاہتا ہوں اور میں پاکستانیوں سے کہنا چاہتا ہوں۔ یہ فوج ہماری ہے۔ جو شہید ہو رہا ہے وہ ہمارے لیے شہادت دیتا ہے، ہمارا بچہ مر رہا ہے۔ اگر کوئی سمجھے تو یہ جو گولی لگتی ہے، یہ ہمارے اپنے گھر کے ایک بچے کو گولی لگتی ہے۔ ہم کیوں یہ سمجھتے ہیں کہ یہ صرف تنخواہ کے لیے گولی کھاتا ہے، کوئی فوجی جوان، کوئی پاکستان کا بیٹا تنخواہ کے لیے نہیں، اس مٹی کی محبت میں گولی کھاتا ہے۔

میں جب کمانڈو عباس کے والد کے ساتھ ہری پور میں بیٹھا دعا کر رہا تھا تو دعا کے دوران جب میں نے دیکھا تو عباس شہید کے والد کے چہرے پہ عجیب سی مسکراہٹ تھی۔ اور میں دعا کیا کر رہا تھا شاہ صاحب، اور میں دعا کیا کروں شاہ صاحب، میں دعا یہ کر رہا تھا کہ جو سورہ بقرہ کی آخری آیت ہے، جو نبی پاک صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے لیے تحفہ ہے اللہ کی طرف سے، پورے قرآن میں تحفہ جو ہے وہ نبی پاک سے ان کو خاص جو ہدیہ اللہ کی طرف سے تحفہ ہے وہ سورۃ بقرہ کی آخری آیت ہے۔

میں یہ دعا کر رہا تھا کہ (عربی) جب میں نے دیکھا تو شہید کا والد مسکرا رہا تھا اور اس کے الفاظ نوٹ کیجئیے۔ وہ فرماتے ہیں، ایک خوبصورت باغ کھلا ہوا تھا، اس میں خوبصورت پھول کھلے ہوئے تھے، ان پھولوں میں سے ایک پھول تھا میرا بیٹا عباس۔ میرے رب کو میرا عباس پسند آیا اس نے چن لیا۔ ساتھ میں دو یا تین بیٹے بیٹھے ہوئے تھے وہ کہتے ہیں ایک فوج میں ہے، ایک civilian ہے۔ کہتے ہیں یہ دونوں بھی حاضر ہیں۔ یہ جذبہ ہے۔ تو جذبوں کی کمی نہیں۔ لیکن ہمیں سوچنا ہو گا کہ کیا ہم مرض کی صحیح تشخیص کر رہے ہیں۔ ہم مرض کی صحیح تشخیص ہی نہیں کر رہے۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے میں ان دہشت گردوں کو کھلا message دینا چاہتا ہوں آج وزیر اعظم پاکستان یہاں اعلان کرے کہ بلوچستان کے لیے فرنٹ پہ لڑنے کے لیے سیاسی لیڈر شپ کی بھی ضرورت ہے۔ میں، شہریار آفریدی ہم سب ان شاءاللہ اپنی فوج کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ جناب والا یہ پاکستانی کا اور ایک مسلمان کا وعدہ ہے اور اپنی بندوق ساتھ لے کے جائیں گے اور پشتون کے پاس گھر میں ایک بندوق ہوتی ہے۔ اگر پاکستان کے دفاع میں کام نہیں آئی تو وہ بندوق ہم نے شبِ برات کو پٹاخے چلانے کے لیے نہیں رکھی، پاکستان کے دفاع میں ہماری جانیں حاضر ہیں۔

لیکن میں ان دہشت گردوں کو کہنا چاہتا ہوں یہاں خان آف قلات کی کل بات ہوئی۔ اور میں طلال صاحب State Minister for Interior تشریف فرما ہیں میں آپ کی بھی اس میں توجہ چاہتا ہوں بڑی اہم بات ہے۔ آپ کو پتہ ہے۔ بس دو منٹ اور۔۔۔

خان آف قلات کس کے حکم پہ بلوچستان کو پاکستان کے ساتھ شامل کرتا ہے، آپ کو پتہ ہے۔ 2007 میں حامد میر صاحب کے پروگرام میں خان آف قلات کے بیٹے، نواسے میر سلیمان آئے ان سے حامد میر نے پوچھا کہ آپ پاکستان کے ساتھ آپ کے دادا، والد صاحب وہ کیسے شامل ہوئے انہوں نے کہا کہ خان آف قلات کے وکیل محمد علی جناح صاحب بمبئی میں وکیل تھے۔ ان کی وکالت کرتے تھے۔ کہتے ہیں جناح صاحب نے میرے دادا کو کہا کہ پاکستان کے ساتھ شامل ہونا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میرے دادا نے تھوڑی سی پس و پیش کی رات کو خواب میں۔ حضور نبی کریم حضرت مُحمد رَسُولُ الله خَاتَمَ النَبِیِیّن صَلی اللهُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہٖ و اَصحٰبِہٖ وَسَلّم آئے اور انہوں نے خان آف قلات کو حکم دیا کہ آپ کو جو محمد علی کہہ رہا ہے وہ کیوں نہیں کر رہے۔ نبی پاک حضرت مُحمد رَسُولُ الله خَاتَمَ النَبِیِیّن صَلی اللهُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہٖ و اَصحٰبِہٖ وَسَلّم کے حکم پر بلوچستان پاکستان کے ساتھ شامل ہوا ہے۔ اُن کے حکم پر پاکستان بنا ہے، یہ تحفہ ہے۔ تمہاری نسلیں مٹ جائیں گی، تمہاری نسلیں کٹ جائیں گی نہ تم بلوچستان کو علیحدہ کر سکتے ہو اور نہ ہی تم پاکستان کو نقصان پہنچا سکتے ہو لیکن آج پاکستان کی سیاسی قیادت کو چار پانچ فیصلے کرنے ہیں، ہمیں rights دینے ہیں لیکن احتساب بھی کریں۔ یہاں بلوچستان کے نمائندے، ہر ایک نہیں لیکن کچھ وہ سردار اور نواب ہیں، وہ پیسہ لگتا کدھر ہے؟ ہماری حکومت میں بھی گیا، آپ کی حکومت میں بھی جا رہا ہے، میاں صاحب کی پچھلی حکومت میں بھی گیا، وہ پیسہ کدھر لگ رہا ہے؟ آپ کے بچے تو Oxford اور Cambridge میں، امریکا میں جا کر پڑھ رہے ہیں اور اپنے علاقے میں سکول تک نہیں بناتے۔ کیا اس کے ذمہ دار آج آپ ہیں؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔

**جناب علی محمد:** بس آخری ایک منٹ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ نے 7 منٹ خود کہے تھے۔

**جناب علی محمد:** میں solution کی طرف آ رہا ہوں۔ پاکستان ایک خواب ہے، پاکستان ایک خوبصورت باغ ہے یہ ایک سوچ ہے، یہ ایک فکر ہے۔ اگر باغ کا مالی ظلم کرے یا آپ کو حق نہ دے تو کیا آپ باغ کو آگ لگاتے ہیں؟! اگر کسی حکمران نے ظلم کیا ہے تو کیا۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ پُلین صاحب۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** 8منٹ ہو گئے ہیں آپ نے خود 7منٹ کا کہا تھا۔ علی محمد صاحب please میں request کر رہا ہوں۔ پُلیین صاحب ایک سیکنڈ، علی محمد صاحب wind up کریں.please 30 seconds

**جناب علی محمد:** بس میری بات کا حاصل وصول یہ ہے کہ اگر بلوچستان کو حق نہیں ملا یا پختونخوا یا tribal belt کو تو یہ ہمارا قصور ہے، ہم حکمرانوں کا قصور ہے، پاکستان کا کیا گناہ ہے؟ یہاں فیصلہ کرو، سیاسی قیادت یہ فیصلہ کرے کہ بنیادی جمہوریت، accountability بلوچستان کو اُس کا حق دینا،اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ جو حقوق کی بات کرتے ہیں وہ علیحدہ ہو جائیں گے اور پھر ان شاء اللہ مل کر ان دہشت گردوں کا صفایا کریں گے، دہشتگردوں کو ہمارا یہی message ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ پُلیین صاحب، time کی پابندی کیجئے گا، بہت لمبی list ہے۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ملک صاحب آپ کو بھی time دیں گے۔

**جناب پُلیین:** شکریہ۔ جناب سپیکر! جیسا کہ کل سے بلوچستان کے حوالے سے National Assembly میں جو debate شروع ہوئی، میں تو اس افسوسناک اور المناک واقعہ پر جیسے ہمارے ایوان نے اس کی مذمت کی ہے یقیناً ہم سب اس میں شامل ہیں۔ جناب سپیکر! صرف مذمت اور جذباتی تقاریر سے بلوچستان کی جو آگ ہے اُس کا کوئی مداوا نہیں ہو سکتا۔ میں معذرت چاہتا ہوں، تمام بڑی پارٹیاں جن کو اقتدار ملا ہے انہوں نے بلوچستان کے ساتھ وہی سلوک کیا۔

جناب سپیکر! یہ جو 12اضلاع میں I think 38 to 40 حملے ہوئے ہیں ان پر میڈیا کی بدولت یہاں پر ہمارے دوست اظہار خیال کر رہے ہیں۔ جو باقی بلوچستان میں ہو رہا ہے، وہ کسی کی نظر میں نہیں ہے۔ میں حکومت وقت سے اپیل کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ افسوس کا اظہار بھی کرتا ہوں کہ یہ اسمبلی جو بھی ہے، جیسے بھی ہے، سینٹ میں جو بھی ہے، جیسے بھی ہے اور صوبائی اسمبلی جو بھی ہے اور جیسے بھی ہے، کیا ہمارے Prime Minister صاحب نے یہ گوارا کیا ہے کہ ان ممبران کو ایک ساتھ بٹھا کر ان سے پوچھا جائے کہ آپ بتائیں بلوچستان کے مسئلے پر کیسے پیش رفت ہو سکتی ہے۔ یقیناً نہیں کیا ہے۔ وہ اس مسئلے کو مسئلہ نہیں سمجھتے ہیں۔ وہاں پہ صرف ایک بات ہے کہ اس کا ایک ہی حل ہے جو سب دوستوں نے بتایا لیکن تشویشناک بات ہے کہ لوگ اُن لوگوں کو کیوں زیادہ اپنے قریب محسوس کرتے ہیں اور ہم جو اِس نظام کا حصہ ہیں، ہم سے کیوں دور ہیں۔ وہ پارلیمنٹ یا جمہوری نظام جس کی بات ہم کرتے ہیں وہ اُس سے کیوں نفرت کرتے ہیں؟ اِس کی وجہ یہ ہے کہ جب تک یہ نظام چلے گا، یہی صورتحال برقرار رہے گی۔

جناب سپیکر! میں کہتا ہوں کہ خواجہ صاحب ہمارے محترم ہیں، کل انہوں نے جو speech کی، انہوں نے سمگلنگ اور حالات کے حوالے سے جو بات کی، انہوں نے صرف ایک پہلو پر کہا کہ 3 سے 4ارب روپے income ہے، انہوں نے باقی 3 پہلو چھوڑ دیئے اور انہوں نے اُن تینوں پہلوؤں کا نام کیوں نہیں لیا، یہ سوال ہم بھی کرتے ہیں اور ساری دنیا بھی کرتی ہے۔

جناب والا! کل ہم امید کر رہے تھے، اپوزیشن لیڈر صاحب بہت منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، اُن کو تمام معاملات پر عبور حاصل ہے وہ بلوچستان کے حوالے سے کوئی مثبت بات کریں گے لیکن مجھے اُن کی اِس speech سے افسوس ہوا۔ آج آپ سوشل میڈیا دیکھیں، میں سمجھتا ہوں کوئٹہ میں دوبارہ ایک نئی آگ لگی ہے، بلوچ یا بلوچ سردار نے جو الفاظ استعمال کئے میں وہ نہیں کروں گا لیکن اگر اُن کی ان باتوں سے سردار اختر جان مینگل جو میرے بھائی اور محترم ہیں، وہ مطمئن ہیں تو good in well ۔ اگر ہمارے دانشور دوست، سیاسی colleague بھی ہیں، وہ اس اسمبلی کے اور سینٹ کے بھی رکن رہے ہیں اور اس وقت خان صاحب کے ساتھ ہیں، ثناء بلوچ اگر ان باتوں سے متفق ہیں تو پھر کوئی دورائے نہیں ہے۔

سر! میں مطالبہ کرتا ہوں آپ سے، آپ کی پارلیمنٹ سے اور تمام اداروں سے کہ اس مسئلے پر ایک دفعہ پھر National Action Plan کی ضرورت ہے۔ تمام stakeholders سے ملاقات کی جائے اور ان سے بات کی جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ شہریار آفریدی صاحب، please time کی پابندی کیجئے گا۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شیر افضل صاحب اگر دس ممبر کھڑے ہو جائیں گے کہ پہلے میں نے بولنا ہے تو مجھے بتائیں میں کس طرح چلاؤں؟

**جناب شہریار آفریدی:** ان کے بعد مجھے دے دیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شیر افضل صاحب آپ بولیں، آپ بول کر جائیں، آ جائیں۔ ٹائم کی پابندی کیجئے گا۔

**جناب شیر افضل خان:** سر! شہریار صاحب کا شکریہ، انہوں نے اپنی باری مجھے دیدی ہے۔

جناب عالی! میں دو باتیں اس ایوان سے کروں گا، ماشاءاللہ اتنے پرجوش اور اتنی بھرپور تعداد میں ممبران اسمبلی موجود ہیں۔ میں ذرا زور سے بولوں گا تاکہ میری آواز پیچھے نشستوں پر ممبران تک بھی پہنچ جائے۔ بلوچستان میں کیا ہوا؟ 40 مقامات پر attack ہوئے۔ متضاد باتیں ہو رہی ہیں، ہمارے ادارے کہہ رہے ہیں ہم نے ان کے 140 بندے مار دیئے ہیں، ہم اپنے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے بیان پر ہم believe کرتے ہیں لیکن اتنے organize طریقے سے جو اتنے coordinated attacks ہوئے ہیں اور بالخصوص جو کوئٹہ شہر میں ہوئے۔ سویلین مرے، فوجی شہید ہوئے، پولیس والے شہید ہوئے لیکن کوئی پوچھے گا کچھ لوگوں سے جو head ہیں، تو کچھ rules ہونے چاہئیں، بے شک ہم ستائش کرتے ہیں کہ کتنی جرأت کے ساتھ افواج پاکستان نے BLA کے دہشت گردوں کو مارا ہے، لیکن یہ جعفر ایکسپریس کا حادثہ ہوتا ہے تو کسی کو پتہ نہیں ہوتا ہے اور جب ہو جاتا ہے تو ہم دعوے کرتے ہیں، مذمتیں کرتے ہیں۔ میں گزارش کروں گا بلوچستان کے مسئلے پر کل Defence Minister نے کہا زیادہ افواج درکار ہوں گی، افواج KP میں کتنی موجود ہیں۔ بلوچستان کا مسئلہ جنگی نہیں ہے سیاسی مسئلہ ہے۔ گیس وہاں سے نکلتی ہے لیکن کوئی چولہا گیس سے نہیں چلتا۔ معدنیات وہاں سے نکلتی ہیں سب سے rich اور ان معدنیات کا credit اس غریب صوبے کو کبھی نہیں دیا گیا۔

دوسری بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے ہتھیار اٹھائے ہوئے ہیں اور BLA کو join کیا ہوا ہے۔ بلوچستان کے لوگ ہماری کیوں نہیں سنتے ہیں لیکن ان دہشت گردوں کی سنتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں یہ فیصلہ ضرور کرنا ہوگا کہ اس بلوچستان کے مسئلے کو بلوچوں کے ساتھ اور بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر اس کا سیاسی حل نکالیں۔ لیکن یہ سر درد کی بیماری کی طرح یہ BLA کا مسئلہ اور بلوچستان میں دہشت گردی طوالت پکڑتی جا رہی ہے اور بالخصوص 2024 کے بعد اس نے ایک momentum gain کیا ہے۔ لہٰذا جو ہماری efforts جو ہونی چاہیئے سیاسی بنیاد پر بلوچستان کے مسئلے کے لیے میری تجویز ہے کہ تمام پارٹیز جو پارلیمان میں موجود ہیں ان پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی جائے جو بلوچستان جا کر وہاں کے لوگوں کے ساتھ قبائل کے لیڈروں کے ساتھ اور پارٹیز کے ساتھ dialogue کریں۔ ان کی سفارشات اس ایوان کے ذریعے مرتب ہوں جس سے بلوچستان کے مسئلے کا حل نکالا جائے۔

آخری گزارش یہ ہے کہ جناب کی توجہ کے لیے جہاں تک میری count ہے پرائم منسٹر صاحب صرف 5 دفعہ اس ایوان میں آئے ہیں گذشتہ دو سال میں فروری 2024 اور ابھی پھر فروری ہے۔ 5 دفعہ آئے ہیں اگر ان کا total time count کیا جائے تو وہ ساڑھے تین گھنٹے دو سال میں نکال سکے ہیں وہ بھی ووٹ ڈالنے کے لیے بیٹھے ہوتے ہیں۔ صرف ووٹ کے دن آئے ہیں۔ وزراء صاحبان کی نشستیں آج بھی آپ دیکھ لیں کہ بلوچستان جیسے sensitive issue پر بات ہو رہی ہے اور وزراء صاحبان ابھی طلال چوہدری صاحب گئے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب شیر افضل خان:** ختم کر رہا ہوں، آپ موجود ہیں، عقیل صاحب موجود ہیں اگر 60 رکنی کابینہ میں ایک عقیل صاحب موجود ہیں تو میرے خیال میں ان کی باز پرس ہونی چاہیئے۔ اس ایوان میں انتظامیہ یا executive جوابدہ نہیں ہے۔ وزیراعظم اور وزراء اگر سوالات کے جوابات نہیں دیتے ہیں اور بعض سوالات کے جوابات جھوٹ پر مبنی دیتے ہیں اور میں خود ایک کیس کو point out کروں گا جب وہ جواب آئے گا میں نے ایک سپلیمنٹری سوال جمع کرایا ہوا ہے۔ میری استدعاء یہ ہے کہ اس حوالے سے کوئی رولنگ دیں کم از کم 60 میں سے 10 وزیر تو بیک وقت اس ہاؤس میں موجود ہونے چاہیئں۔ بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اختیار بیگ صاحب، ٹائم کی پابندی کیجیئے گا۔

**مرزا اختیار بیگ:** مختصر ہو گا لیکن میں دل سے چاہتا ہوں کہ اتنے بڑے واقعے کے اوپر اپنے جذبات کا اظہار کر سکوں۔ اس واقعہ پر جتنے ساتھیوں نے بولا ہے ہر ایک کے لہجے میں ایک تڑپ ہے، بہت افسوس ہے۔ وہی ہمارا حال ہے لیکن اس وقت ایک چیز مجھے یاد آ رہی ہے کہ دنیا میں کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں، وقت ایسے آتے ہیں جو تقدیریں بدل دیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان میں جس طرح سے 12 اضلاع میں حملہ کیا گیا اور کوئٹہ میں وہ گھومتے پھرتے نظر آئے اور بینکوں کو جس طرح سے راکٹ لانچر مار کر تباہ کیا گیا بلکہ لوٹا گیا یہ ایک انتہا تھی اور یہ redline تھی۔ ہم نے دیکھا کہ ان کو اور ان کے جتنے حواری ہیں ان کو ختم کر دیا گیا جس پر افواج پاکستان کو میں سلام پیش کرتا ہوں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم آج آپس میں تجدید عہد کریں کہ اب National Action Plan پر تمام صوبے عملدرآمد کریں گے۔ اس کی letter and spirit میں

اور ساتھ ساتھ ہم نے اس بات پر بھی اتفاق کرنا ہے کہ ہم طالبان کو اپنے ملک کی کوئی زمین نہیں، چاہے مذاکرات کے لیے یا کسی اور چیز کے لیے ہم offer کر سکتے ہیں۔ ہمارا یکساں مؤقف ہونا چاہیئے۔ اتنے بڑے واقعہ کے بعد ہم سب سیاسی جماعتوں کو اور ہم سب لوگوں کو یہ احساس ہو جاتا ہے کہ enough is enough اب ہم پاکستان کے لیے ہاتھ جوڑ کر ایک فیصلہ کریں۔ اب National Action Plan پورے ملک کے لیے ہے۔ تین صوبوں کے لیے نہیں ہے۔ اب طالبان کی پالیسی پاکستان کے تین صوبوں کے لیے نہیں ہے تو بخدا ہم نے اس نقصان سے بہت کچھ پالیا ہے۔ میری وہی request ہے کہ آج ہم یہاں تجدید وفا کریں اور ہم ایک سوچ کے ساتھ افواج پاکستان کی ہمت بڑھائیں۔ یہ اگر ہم نے نہیں کیا تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔ بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اقبال آفریدی صاحب۔

**جناب محمد اقبال خان:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، کل بھی بلوچستان میں جو ہوا اس کی مذمت کر چکے ہیں اور میری یہ رائے ہے کہ پاکستان super power ہے اور وہاں پر رہنے والے سب پاکستانی ہیں۔ اگر وہاں پر اتنے منظم طریقے سے دہشت گردانہ کارروائیاں ہوتی ہیں تو کیا سوال نہیں بنتا†[***] وہاں پر جا کر ان کو روکیں۔ ہم اس دہشت گردانہ کارروائی کی پر زور مذمت کرتے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ لفظ میں آپ کا expunge کرتا ہوں یہ†[***]۔

**جناب محمد اقبال خان:** ایک اہم ایشو جو ضلع خیبر کے حوالے سے ہے سپیکر صاحب یہ بہت اہم ہے آپ کی توجہ چاہوں گا۔ تیراہ، ضلع خیبر کے جو متاثرین ہیں جس کو displace کیا گیا ہے صوبائی حکومت وہاں پر شروع سے کہہ رہی ہے کہ ہم آپریشن نہیں کرنے دیں گے۔ وہاں پر بارہا خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے talk show, press conference اور تمام میڈیا کے سامنے یہ بات کھلے عام اور واضح طور پر کہا ہے کہ ہم یہاں آپریشن نہیں ہونے دیں گے۔ ان کے ساتھ باقیوں نے یہاں فلور آف دی ہاؤس پر کہا کہ یہ National Action Plan کا حصہ ہے اور ہم اس پروگرام کو نہیں روکیں گے اور کسی کا باپ بھی یہ آپریشن نہیں روک سکتا۔ ابھی مسئلہ کیا ہے؟ مسئلہ وہاں پر IDPs لائے گئے ہیں۔ جو کھلے آسمان تلے بیٹھے ہوئے ہیں۔ بچے وہاں پر نمونیہ سے فوت ہو رہے ہیں۔ وہاں پر خواتین کو شدید بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔ تو لہٰذا میں اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں ایک commission بنائیں۔ سارے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، جنید بھائی ذرا آپ سنیں گے یہ بہت اہم ایشو ہے سپیکر صاحب ہاؤس کو آرڈر کریں کہ یہ کیا کر رہے ہیں۔ اپنے لوگ یہاں پر دھکے مار رہے ہیں۔ یہ IDPs جو وہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں یہاں پر کمیشن بنائیں تاکہ وہاں پر جا کر اس کا تعین کر سکیں۔ کیا اس کو لوکل انتظامیہ یا جرگے نے ان کو displace کیا ہے یا وفاقی حکومت نے جس طرح ان کے بیانات آ رہے تھے انہوں نے displace کیا ہے۔ تاکہ ان کے status کا حل ہو سکے۔ اگر یہ سب انکاری ہیں تو ہم وہاں چلے جاتے ہیں یاد کرانے کے لیے اسلام آباد آ جائیں گے۔ یا ہمیں IDPs کا status دے کر وہاں پر ہمیں سہولت دے دیں۔ لہٰذا سپیکر صاحب میں گزارش کروں گا، دیکھیں چھوٹی سی بات ہے۔

---

†(*** بحکم جناب ڈپٹی سپیکر لفظ کارروائی سے حذف کر دیا گیا۔)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آخری بات۔

**جناب محمد اقبال خان:** یہ سیاسی بات نہیں ہے یہ متاثرین کی بات ہے وہاں سے 173000 لوگ نقل مکانی کر چکے ہیں۔ وہاں پر برفباری ہو رہی ہے۔ یہاں سے کمیشن بنائیں چاہے اس سائیڈ سے زیادہ بنا دیں لیکن وہاں پر کمیشن بھجوائیں تاکہ وہ پتہ لگا سکیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ، آپ کا پوائنٹ آگیا، اویس جکھڑ صاحب۔

**جناب اویس حیدر جکھڑ:** بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ سب سے پہلے بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعات کی پرزور مذمت کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہماری کوشش کو ہر محاذ پر فتح نصیب کرے اور تمام دہشت گردوں کو نیست و نابود کرے۔ جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ اور اس ایوان کی توجہ ایک ایسے مسئلے کی طرف دلوانا چاہ رہا ہوں کہ جس نے ایک شخص نہیں، ایک خاندان نہیں، ایک قوم نہیں، بلکہ پوری انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑا ہے۔ جناب سپیکر! دو رات پہلے میرے حلقے میں پولیس نے ایک نوجوان کو شہید کیا ہے۔ اس کا صرف اور صرف یہ قصور تھا کہ وہ پولیس کے اہلکار جو بغیر وارنٹ کے اور private گاڑی میں جا کر لوگوں کے گھروں پر raid کر رہے تھے۔ ویڈیو بناتے ہی پولیس اہلکار نے اس پر فائر کر دیا اور وہ موقع پر ہی شہید ہو گیا۔

جناب سپیکر! قانون نافذ کرنے والے اداروں کا مقصد معاشرے میں امن و امان قائم کرنا، شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا اور انصاف کو یقینی بنانا ہوتا ہے۔ لیکن جب ہمارے اپنے محافظ ہی معصوم شہریوں کے قاتل بن جائیں گے تو ان تمام اداروں پر عوام کا اعتماد نہیں رہتا۔

جناب سپیکر! نوید نامی نوجوان، جو شہید ہوا، اپنے والدین کا اکلوتا بیٹا تھا، اپنے گھر کا واحد کفیل تھا اور اپنی بہن کا اکیلا بھائی تھا۔ پرسوں اس کا جنازہ تھا۔ اس دن صرف ایک لاش دفن نہیں کی گئی، بلکہ اس کے والدین اور بہن کے خواب بھی دفن کر دیے گئے۔ جناب سپیکر! کب تک پنجاب پولیس اسی طرح پنجاب میں عام شہریوں کے ساتھ ظلم و زیادتی کرتی رہے گی؟ اس سے قبل میرے ضلع کوٹ ادو میں بھی پولیس نے اسی طرح ایک شخص کو شہید کیا تھا۔ جناب سپیکر! اگر پنجاب پولیس کی یہی صورتحال رہی تو خدانہ کرے پنجاب میں بھی وہی حالات پیدا ہو سکتے ہیں جو آج بلوچستان میں ہیں۔ میری گزارش ہے کے اس واقعے کی شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کرائی جائیں۔ اور دوسرا جب بھی کوئی raid اور کارروائی کی جائے تو اس دوران body cams لازمی لگائے جائیں۔ اہلکاروں کو انسانی حقوق کی باقاعدہ تربیت دی جائے۔

جناب سپیکر! اگر یہ سمجھا جا رہا ہے کہ عوام خاموش رہے گی تو یہ غلط فہمی ہے، عوام جواب دینا جانتی ہے۔ اگر اسی طرح عوام کے ساتھ زیادتی ہوتی رہی تو ایک دن عوام بھی بندوقیں اٹھانے پر مجبور ہو جائے گی۔

بہت شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** میجر طاہر اقبال صاحب، ٹائم کی پابندی کیجئیے گا۔ آپ کا نام انتظار میں تھا، آپ موجود نہیں تھے۔

**جناب طاہر اقبال:** اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ تسلیماً۔ جناب سپیکر! میں سب سے پہلے ان تمام افراد کے لیے دعا گو ہوں جنہوں نے اس ملک کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔ اگر اس واقعے کو army یا intelligence کے تناظر میں دیکھا جائے تو یہ پاکستان پر ایک بہت بڑا حملہ ہے۔ میں حیران اور پریشان ہوں کہ ایک دم بلوچستان کے مختلف شہروں سے یہ مسلح لوگ کیسے نکل آئے؟ کیا یہ پہلے سے موجود sleeper cells تھے، ان کی معاونت وہاں ہو رہی ہے، ان کو وہاں رکھا جا رہا ہے اور جنہیں وقت آنے پر ٹارگٹ دے کر استعمال کیا گیا؟ سر! ابھی ہمارے دوست نے کہا کہ میں نوشکی کا ہوں اور میری اطلاع کے مطابق جتنے لوگ مارے گئے ہیں وہ سارے بلوچ تھے۔ سر! بلوچستان کے بڑے سیاسی رہنما اور سردار اپنے علاقوں میں ہونے والی ہر چھوٹی بڑی سرگرمی سے باخبر ہوتے ہیں۔ ان کو یہ بھی پتہ ہوتا ہے کہ آج فلانے کے گھر بکری نے بچہ دیا ہے یا نہیں دیا ہے۔ ان کے پاس خبر ہوتی ہے۔ اگر ان کے پاس کوئی معلومات تھیں کہ یہ بلوچستان کے لوگ ہیں تو نہیں چاہیئے تھا کہ صرف سیاست نہیں بلکہ اپنے حلقے میں لوگوں کے ساتھ رابطہ رکھیں اور اگر اس طرح کی کوئی information ہے تو armed forces یا intelligence source کو اطلاع دیں۔

اس میں شک نہیں ہے کہ یہ نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ اگر ہمیں بروقت اطلاع ملتی تو شاید نقصان کم ہوتا۔ پاک فوج نے بروقت کارروائی کی اور دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا، مگر اس کے باوجود ہمارے فوجی، civil armed forces اور بے گناہ شہری شہید ہوئے۔ وہ مزدور جن کا اس سب سے کوئی تعلق نہیں تھا، ان کو بھی شہید کر دیا گیا۔ میری درخواست ہے کہ بلوچستان کے تمام منتخب نمائندگان، MNAs اور MPAs ہیں۔ سیاست سے بالاتر ہو کر آپس میں بیٹھیں اور اس مسئلے کا پائیدار حل تلاش کریں۔ پرانی باتوں کو یاد کرنے سے کیا فائدہ۔ میری سب سے گزارش ہے کہ خدارا سر جوڑ کے بیٹھیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ آپ کا point آ گیا۔ جنید اکبر صاحب۔ نہیں ہیں۔ نثار جٹ صاحب۔

**جناب نثار احمد:** بہت شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر! حالیہ دنوں میں بلوچستان میں 40 سے زائد مقامات پر دہشت گرد حملوں کی یہ ایوان شدید مذمت کرتا ہے۔ میں یہ بات معذرت سے کہوں گا کہ میں 2002ء سے اس ایوان کا حصہ ہوں اور مسلسل دیکھ رہا ہوں کہ پاکستان دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے۔ چاہے وہ Afghan war ہو، خیبر پختونخوا ہو یا بلوچستان۔ ہمیں کبھی یہ کہتے نہیں سنا گیا کہ بلوچستان میں ہم نے کوئی ایسی کامیابی حاصل نہیں کی جس سے وہاں ترقی آئی ہو۔ ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے جب بھی ہاتھ اٹھے تو وہاں کے شہداء کے لیے اٹھے یا ہم نے صرف یہ بات کہی کہ ہمیں افسوس ہے اور ہم مذمت کرتے ہیں۔ میں لمبی بات نہیں کروں گا۔

جناب سپیکر! جعفر ایکسپریس کا واقعہ ہوا۔ ہمارے مزدور ساتھی شہید کیے گئے۔ ایسے روزمرہ کے واقعات ہماری نظر سے گزرتے ہیں اور وہ اوجھل ہو جاتے ہیں۔ مجھے ان حملوں سے زیادہ جو تشویش ہے کہ کوئٹہ کے main بازار پر حملہ ہوتا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ انڈیا کی مداخلت ہے۔ یہ

ہمارے لیے لمحۂ فکریہ ہے کہ کیاانڈیااس حد تک آگیاہے کہ وہ ہمارے گھر میں اس طرح گھس چکاہے۔ جناب سپیکر! اس سے زیادہ تشویش اس بات کی ہے کہ اتنا بڑاسانحہ ، اتنا بڑانقصان پاکستان کی credibility پر ہوا۔ ہم نے اپنے فوجی، اپنی پولیس اور اپنے civilians کی لاشیں کل اٹھائیں اور اس ایوان کی سنجیدگی کا عالم یہ ہے کہ ایک کرسی پر بھی کوئی نہیں بیٹھا۔ Opposition کی دیکھ لیں اور وہاں Government کی کرسیاں بھی دیکھ لیں۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے۔

میں مختصر بات کرتاہوں کہ کل وزیر دفاع نے ایوان میں تسلیم کیا کہ یہ جنگ ہماری نہیں تھی، یہ بڑوں کی جنگ تھی اور ہم اس میں involve ہوئے۔ میں سمجھتاہوں کہ وزیر دفاع کے بیان نے ہمارا آدھا مسئلہ حل کر دیا۔ انہوں نے ہمارے لیڈر عمران خان صاحب کے مؤقف کی تائید کر دی۔ عمران خان صاحب کی بھی یہی بات تھی کہ یہ ہماری لڑائی نہیں ہے، ہم اس میں کودے ہیں۔ اب یہ پتہ چل گیا کہ یہ ہماری لڑائی نہیں ہے۔ اب اصل سوال یہ ہے کہ ہم اس جنگ سے نکلیں گے کیسے؟ کیا ہم نے یہ فیصلہ کیاہے کہ بلوچ کو اس کا حق دیاجائے گا، سندھی کو اس کا حق دیاجائے، پنجابی کو اس کا حق دیاجائے گا۔ مہاجر کو حق دیاجائے گا، سرائیکی کو حق دیاجائے گا۔ میں اس بات کی تائید کرتاہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سبین غوری صاحبہ۔

**محترمہ سبین غوری:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر! سب سے پہلے بلوچستان میں جو دو دن پہلے حملے ہوئے ہیں، اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ نہیں بولناچاہ رہی سبین صاحبہ؟

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سبین صاحبہ ایک منٹ تشریف رکھیں۔ نثار صاحب ایک منٹ میں wind up کریں۔

**جناب نثار احمد:** شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! لیکن مجھے اچھا نہیں لگا۔ میں نے بہت مختصر بات کرنے کی کوشش کی، آپ نے میری بات کو کاٹا۔ میں کسی لمبی چوڑی بات پہ نہیں جاتا۔ میں اس ایوان سے مطالبہ کرتاہوں غزہ امن معاہدہ ہو، ایران کی policy کا معاملہ ہو، افغانستان کی policy کا معاملہ ہو۔ ہمیں اس House میں آکر اس پر بحث کرنی ہوگی اور اس پر مثبت پالیسی بنانی ہوگی۔ میں حکومت سے مطالبہ کرتاہوں کہ اس کے اوپر بات کی جائے۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** سبین غوری صاحبہ۔

**محترمہ سبین غوری:** میں تو مختصر ہی بات کروں گی۔ سب سے پہلے تو جو تین دن پہلے بلوچستان میں حملہ ہوا اور اس کی ہم پر زور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ اس میں ہمارے جو civilians اور افواج پاکستان کے نوجوان شہید ہوئے، اپنی جانوں کا نذرانہ دیا، اس ملک کی خاطر ان کو tribute پیش کرتے ہیں۔ اور ساتھ ساتھ تقریباً 177 فتنۃ الخوارج اور فتنۃ الہندوستان جو ہے، وہ جہنم واصل ہوئے۔

جناب سپیکر! یہ National Action Plan جو ہے، وہ Army Public School کے واقعے کے بعد 2014 میں تمام parties کے consensus سے شروع کیا گیا تھا، اور اس کے بعد 2021 میں اس کو revise کیا گیا تھا، جس میں ہمارا جو terrorism ہے، اس کو eliminate کرنے اور security کو ensure کرنے کے points رکھے تھے۔ مگر ساتھ ساتھ یہ جو سلسلہ ہے، یہ بلوچستان میں کافی عرصے سے جاری ہے۔ ہم یہاں دیکھتے ہیں کہ ایوان میں بھی ہمارے بلوچستان کے جو نمائندے ہیں، وہ مختلف وہاں کی جو پریشانیاں ہیں اور جوان کو درپیش مسائل ہیں، اس کا ذکر کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ چاہے IT ہو، چاہے وہ کوئی اور مسئلہ ہو، چاہے وہ road blockings ہو یا جو بھی مسئلے ہیں، اس کی مسلسل ہر اجلاس میں یہاں اس ایوان میں گونج اٹھتی ہے۔ جناب والا! ہم اور ہماری افواج اور پاکستانی قوم وہ تو اپنے ملک کے دفاع کے لیے، تمام اقدامات کر رہے ہیں جو ان کا فرض ہے وہ ادا کر رہے ہیں۔ مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے اس ایوان کو یہ سوچنا پڑے گا کہ اتنے بڑے پیمانے پر جب یہ سب بار بار ہوتا ہے تو جو بلوچستان کے لوگ ہیں، ان کی عوام ہے، ان کی جو grievances ہیں، ان کی جو محرومیاں ہیں، ان کا ازالہ کیسے ہوگا۔ بات یہ ہے کہ اگر اسی طریقے سے وہاں کے لوگ آج BLA، کل TTP یا کسی بھی اور اس طرح کی بیرونی امداد کے تحت چلنے والی تنظیموں کا حصہ بنتے رہیں گے، جب تک کہ یہ محرومیاں ان کے اندر موجود رہیں گی۔

شاید آج ضرورت اس امر کی ہے کہ dialogue جو ہے، وہ national level پہ conduct کرایا جائے کہ بلوچستان کا جو نقصان ہے، جو اس کی محرومیاں ہیں، ان کا ازالہ کیا جائے۔ حکومت کو یہ سوچنا ہوگا کہ جب تک یہ ممکن نہیں ہے، اسی طریقے سے فوجی جوان شہید ہوتے رہیں گے۔ اس کی جو rehabilitation ہے وہ کیسے ہوگی، اس کے جو نوجوان ہیں ان کا اعتماد، حکومت پہ، اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ہمارے تعلقات بحال کیسے ہونگے، وہ کب اپنے آپ کو پاکستان کا شہری سمجھیں گے۔ تو میرے خیال میں اس وقت سب سے زیادہ dialogue کی ضرورت ہے۔ یہ سب تو چلتا رہے گا کیونکہ یہ ہمارا فرض ہے اور ایک process کا حصہ ہے، مگر اس کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شہریار آفریدی صاحب آپ کوئی explanation دینا چاہ رہے ہیں۔

**جناب شہریار خان آفریدی:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ (عربی) شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! جس مسئلے پر 336 ممبران قومی اسمبلی، پاکستان کا یہ ایوان کل سے اس پہ discussion کر رہا ہے، اس کا مقصد کیا ہے؟ قومی سلامتی، بلوچستان ہو، خیبر پختونخوا ہو، پنجاب ہو، سندھ ہو، گلگت بلتستان ہو، آزاد کشمیر، Islamabad Territory, یہ پاکستان ہے۔ اس وقت بلوچستان میں جو کچھ ہوا، اس کی مذمت سب کر رہے ہیں۔ جو لازوال قربانیاں دے رہے ہیں بلوچستان، خیبر پختونخوا اور باقی صوبوں کے پاکستانی، اس کی مثال نہیں ملتی۔ 909 کلو میٹر کا Iran border کے ساتھ اور 2611

کلو میٹر کا border Afghanistan کے ساتھ۔ یہ ملک Pakistan جو کلمے کی نسبت سے بنا، پہلے دن سے آج تک اس پر Pakistan کی Armed Forces ہوں، Civil Armed Forces ہوں، Pakistan کی عوام ہو۔ کیونکہ Civil Armed Forces اور Army کے جوان اس قوم کے محب وطن پاکستانیوں کی وہ اولاد ہے جو اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہیں۔ لیکن ایک چیز، Deputy Speaker Sahib, قومی سلامتی کیا چیز ہے، اس میں 17 prerequisites ہیں۔ کیونکہ time کی کمی ہے، میں اس میں دل سے بات کرنا چاہتا تھا۔

وہ کون سی ایسی وجہ تھی کہ جب Nawab of Kalat نے اور باقی stakeholders نے Pakistan کو opt کیا، 23 سال 1947 سے 1970 تک، بلوچستان کے بارے میں جو اچکزئی صاحب نے بات کی اور باقی صاحبان نے بات کی، اس پر میں نہیں جانا چاہوں گا۔ اس ٹائم جب ہم بلوچستان کی بات کرتے ہیں تو سب سے پہلی بات قومی سلامتی کے لیے، کوئی بھی فوج اپنے objective حاصل نہیں کر سکتی، جس کے ساتھ پوری قوم، سیسہ پلائی دیوار کی طرح نہ کھڑی ہو۔ یہ کیسے ممکن ہے؟ Deputy Speaker Sahib! کہ بارہ جگہوں پہ بلوچستان میں کھلے عام پاکستان کی بنیادوں کو challenge کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح ہم جب Kurram Agency, Orakzai Agency, Khyber کی بات کرتے ہیں، Tirah کی بات کرتے ہیں، چاہے ہم Karachi کی، چاہے ہم Pakistan کی کسی جگہ کی بات کرتے ہیں، یاد رکھیئے قوم کا جو بھی سپوت ہے، چاہے وہ جس federating unit سے تعلق رکھتا ہو، کسی قوم، کسی سوچ کا کیوں نہ ہو، وہ پاکستانی ہے اور اس پاکستان کے ساتھ اس کی commitment کیا ہے، وہ commitment یہ ہے کہ جان و مال کا تحفظ ریاست کرے گی، ریاست ماں ہے۔

Deputy Speaker Sahib! آج سوال یہ ہے کہ جب Lahore میں بسنت کی بات ہو، cricket matches ہو رہے ہوں، توخضدار میں، قلات میں، سبی میں، خیبر میں، تیراہ میں، گوادر میں کیا perception ہو گی؟ آج ہم میں collective wisdom کیوں نہیں ہے، 336 کے ایوان میں کتنے Members یہاں بیٹھے ہیں؟ National Security کی بات ہو رہی ہے، قومی سلامتی کی بات ہو رہی ہے، کیا ہم نے صرف یہاں پر تقاریر کر کے گھر چلے جانا ہے؟ کیا ہم نے ایسا collective wisdom prevail نہیں کرنا؟ Deputy Speaker Sahib! Most important of all national harmony and unity جب آپ کی territorial sovereignty integrity کی بات آئے، food security ہو، سب ایک page پہ ہوں، اور سب سے بڑھ کر National Security main prerequisites کے لیے baseline قوم کی یکجہتی ہے۔ جب equal distribution of resources نہ ہوں، جب آپ ان کی بنیادی ضروریات، سہولیات کو own نہ کریں۔ مجھے بتائیں ایف سی، لیوی، خاصہ دار۔ اس سے پہلے جو ڈی جی آئی تھے ندیم انجم اور ہم جا رہے تھے تفتان زائرین کے لیے۔ ڈپٹی سپیکر صاحب ایک شہید کے گھر سے ہم گزرے، مجھے کہا گیا کہ اس کے گھر سے تین جنازے نکلے ہیں اور میں جب تیسری دفعہ اس کی ماں کے پاس گیا تو میں سوچ رہا تھا کہ میں آنکھیں کیسے ملاؤں گا اس ماں نے مجھے یہ کہا کہ میرے تین

بیٹے اس قوم پر، پاکستان پر قربان۔ اگر میرا چوتھا بیٹا ہوتا تو وہ بھی پاکستان کے لیے میں قربان کرتی۔ یہ اس قوم کی ماؤں کی غیرت ہے تو ہم ایوانوں میں بیٹھ کے جب ان کو دیوار سے لگائیں، تعلیم نہ دیں، صحت نہ دیں، کاروبار اور روزگار نہ دیں۔ چمن، پشین، بارڈر، خیبر، ان سب کے لیے۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ بس ہو گیا۔ پلیز۔ جی مائیک کھولیں wind up کریں۔ پلیز۔

**جناب شہریار آفریدی:** اگر ہم نے ڈپٹی سپیکر صاحب ان کے بنیادی حقوق ان کو نہیں دینے، ان کے rights نہیں دینے۔ جس طرح قوم کا وہ لیڈر جو لوگوں کے دلوں میں دھڑکتا ہے، ان کی صحت کے حوالے سے ملاقات نہیں کرائی جا رہی۔ ڈاکٹرز نہیں ملوائے جا رہے۔ کیا قیامت آ جائے گی۔ اسی طرح جب national harmony, national integrity and national security کے لیے تمام stake-holders کو onboard نہیں لیں گے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ۔ آفریدی صاحب بات ہو گئی۔ جی اختر بی بی صاحبہ۔

**محترمہ اختر بی بی:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ حالیہ دنوں میں بلوچستان کے مختلف جگہوں پر دہشت گردوں نے جو بزدلانہ حملے کیے، عوام کو یرغمال بنائے رکھا، خوف و ہراس پھیلایا، سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا جس کی ہم اہل بلوچستان پر زور مذمت کرتے ہیں۔ اور جس طرح ہماری بہادر سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے ان کے تمام حملے ناکام بنا دیئے اور بلوچستان کو بڑے نقصان سے بچا لیا۔ اور ان بزدلانہ حملوں میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں اور سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ جن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پوری قوم اپنے بہادر نوجوانوں پر فخر کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بھی صوبے میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں اور ان شاءاللہ صوبے میں بہت جلد امن قائم ہو گا۔ پاکستان زندہ باد۔ پاک فوج زندہ باد۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** شکریہ جی۔ طلال صاحب

**سینیٹر طلال چوہدری:** سر گزارش یہ ہے کہ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ میں ایوان کی ہر جماعت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ سب نے اپنا فرض نبھاتے ہوئے جو ایک قرارداد تھی اس کو مشترکہ طور پہ پاس کیا۔ اس کے بعد دو دن لگاتار اس پہ آپ نے debate کروائی جس میں تقریباً 30 سے زائد لوگ اس پہ بات کر چکے ہیں۔

میں، سر اس میں سے چند سوالات جو کہ اس میں ممبران نے اٹھائے میں ان کا جواب اور کچھ حقائق آپ کے سامنے رکھنا چاہ رہا ہوں۔

سر! سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اس بات کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ یہ آزادی کی جنگ نہیں ہے یہ ایک خاص مقصد کے لیے، ایک بدامنی یا دہشت گردی کی جاتی ہے جس کا مقصد پاکستان کو destabilize کرنا اور اس کا personal gain جو ہے وہ اس طرح کی بی ایل اے ہو یا دوسرے ہوں ان کے لوگ جو handle کر رہے ہیں، وہ لوگوں سے بھتہ لینا، لوگوں سے وہاں پر لوٹ مار کرنا، وہاں پر سمگلنگ اور دوسرے بزنس پر اپنی اجارہ داری قائم کرنا اور ساتھ ساتھ ایسے حالات پیدا کرنا کہ جس سے پاکستان destabilize ہو، mines and minerals کوئی شک نہیں ہے کہ بلوچستان اس سے مالامال ہے۔ صرف چاغی میں سات ایسے منصوبے ہیں جس میں Pakistan-led businessmen and companies جو ہیں انہوں نے پانچ ارب ڈالر کے قریب investment کرنے کا، بلکہ کام شروع کر دیا ہے۔

اور اسی طرح آپ کو ایک example Reko Diq کی ہے جس کے profit میں سے یعنی جو حکومت پاکستان کو ملے گا 50 پرسنٹ بلوچستان کو ملے گا، 50 پرسنٹ وفاق کو ملے گا۔

سر ایک تو مقصد ہے کہ یہ جو پاکستان track پہ چڑھتا جا رہا ہے جو یہاں پر لوگوں کی mines and minerals میں جو international investment آ رہی ہے یا لوگوں کی اس کی طرف توجہ ہے، اس کو روکا جائے۔

جو سی پیک ہے، جو گوادر تک جسے operate ہونا ہے اس کو اور ہمارے ally اور ہمارے strategic partner چائنہ کو وہاں پر کسی طرح ہم سے دور کیا جا سکے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ سر یہ بات بار بار کہی جاتی ہے محرومی ہے۔

سر! کل کے کچھ facts جو ہیں وہ وزیر دفاع نے دیئے میں اس میں سے کچھ دوبارہ کہہ دیتا ہوں۔ سر! یہ صرف ایک بیانیہ بنانے کے لیے، محرومی کا بیانیہ missing persons کا بیانیہ، ناراضگی کا بیانیہ، ظلم اور زیادتی کا بیانیہ، یہ بیانیہ صرف بنا کر اپنی دہشت گردی یا اپنی کارروائیوں کو بڑھانے کے لیے یا اس کو justify کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

سر! محرومی ہے دیکھیں جو وسائل پاکستان کے پاس ہیں، وہ وسائل کی distribution اگر غلط ہے تو یہ زیادتی ہے۔ اگر NFC میں سے per person share جو ہے وہ بلوچستان کا پنجاب سے 40 پرسنٹ زیادہ ہو تو یہ حقائق کا ایک ایسا رخ ہے جو کوئی نہیں دیکھتا۔ ADP پہ جو کہ ہمارے development projects ہیں جو PSDP میں وفاق کرتا ہے اس میں سب سے زیادہ portion اگر بلوچستان کا ہو۔ تو یہ کوئی بتانے کی بجائے کوئی کہے کہ یہ محرومی ہے۔ تو غلط interpret کرتا ہے۔

سر! کل انہوں نے چند چیزیں آپ کے سامنے رکھیں کہ جب پاکستان بنا 114 سکول تھے، اب 15096 سکولز ہیں، university ایک بھی نہیں تھی 12 ہیں، میڈیکل کالج کوئی نہیں تھا پانچ ہیں۔ 145 Colleges ہیں جو کہ 1947 میں ایک بھی نہیں تھا۔ 13 کیڈٹ کالجز ہیں، کسی صوبے میں 13 کیڈٹ کالج نہیں ہیں۔ سر ایسے شہروں میں بھی ہیں جہاں کی آبادی لاکھ، ڈیڑھ لاکھ، دو لاکھ ہے اور Air ports ایسے شہروں میں بھی

ہیں جہاں آبادی دودو، تین تین لاکھ ہے سر۔اس سے ہٹ کر کے وہاں کتنی فلائٹس جائیں گی؟کتنا وہاں لوگ ٹریول کریں گے؟ لیکن یہ اہمیت دینے کی بات ہے۔

اس کے بعد سر321 technical institutions and vocational colleges ہیں۔سر!سب سے بڑے صوبہ پنجاب اور آپ سندھ سے تعلق رکھتے ہیں،آپ اپنے صوبے کے حوالے سے جو facts ہیں،یہ اگر آپ comparison کریں تو بہت زیادہ institutions ہیں as compared to other provinces.

سر!اس میں major hospitals تین ہوا کرتے تھے اب13ہیں، 18 teaching hospitals ہیں، 33 DHQs ہیں، 756 BHUs ہیں، 541 dispensaries ہیں، cardiac centers چار ہیں، TB centers آٹھ ہیں، dialysis centers 24 ہیں اور سر26ہزار کلو میٹر کے قریب سے زائد روڈز ہیں جو کہ پہلے ساڑھے تین سو کلو میٹر تھیں۔

سر!اس کے ساتھ ساتھ جو آپ کو این ایف سی ایوارڈ میں سے پیسے ملتے ہیں۔اس کی اگر ratio دیکھیں تو وہ ratio بھی بلوچستان میں، پنجاب اور سندھ جو کہ بڑے صوبے ہیں، per person کے حساب سے دو گنا سے بھی زیادہ ہے۔اس میں جو اِن کو پیسے ملتے ہیں، اس میں 91%صرف وفاق contribute کرتا ہے۔سر! یہ جو دہشت گرد ہیں،اگر یہ محرومی ہے،اگر یہ لوگوں کے ہمدرد ہیں،اگر یہ حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں تو یہ حملہ صرف سکولز، hospitals، تھانوں اور banks پر کیوں کرتے ہیں؟بینک کس کا ہے؟عام آدمی کی سہولت کے لیے ہے۔سکول یا ہسپتال کس لیے ہیں؟یہ جو highways ہیں،اِن کے پل اڑانا،highways block کرنا،اسی طرح ریل گاڑیوں کو اغوا کرنا،ان سارے کاموں میں کوئی elite نہیں،عام آدمی استعمال کرتا ہے۔اگر یہ حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں تو یہ انہی کے حق پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔مقصد کیا ہے؟اگر ترقی ہو گی،اگر یہاں پراجیکٹ ہوں گے،اگر لوگوں کو سہولت اور بہتر گورننس ملے گی تو یہ بیانیہ کیسے بنائیں گے کہ محرومی ہے؟پھر یہ بیانیہ نہیں بن سکے گا۔اگر highways چل رہی ہوں airports operate ہو رہے ہوں، سکول، کالج، یونیورسٹی چل رہی ہوں،banks اور کاروبار چل رہے ہوں تو پھر محرومی کا، مظلومیت کا بیانیہ نہیں بنا سکتے۔اس بیانیے کے ساتھ اس میں ایک missing persons ہیں۔

جناب سپیکر! پاکستان اُن ترقی یافتہ ملکوں میں بہت نیچے missing persons in percentage ہے۔پورے پاکستان میں اس وقت جو missing persons ہیں،Interior میں اس کا ایک کمیشن ہے،وہ اڑھائی ہزار سے بھی کم ہے،25 کروڑ آبادی ہے۔کبھی ذرا یورپ یا امریکا کے figures دیکھ لیں کہ کتنے missing persons ہیں۔پاکستان میں missing کس طرح ہوتے ہیں۔ہر بات پر کہہ دینا کہ کوئی ایجنسی اٹھاتی ہے،خود آپ پہاڑوں پر چڑھ جائیں،خود آپ جان بوجھ کر کسی کرائم کی وجہ سے روپوش ہو جائیں،یہ missing persons کے بیانیے کو جوڑ کر،اس کے بعد محرومی کے بیانیے کو جوڑ کر اپنے آپ کو justify کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اِس وقت اِدھر جو سوالات اٹھائے گئے، سب سے پہلے کہا گیا وزیر داخلہ کرکٹ میچ دیکھ رہے تھے۔ میں اپوزیشن لیڈر سے کہوں گا کہ انہوں نے وہ footage نہیں دیکھی۔ وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی وہ وزیر تھے کہ جب وہاں پر یہ سب آپریشن چل رہا تھا تو کوئٹہ پہنچے۔ جب لوگ یہ کہہ رہے تھے کہ کوئٹہ غیر محفوظ ہے، کوئٹہ پر کسی کا قبضہ ہے، اور خصوصاً ہمارا ہمسایہ ملک انڈیا، جس نے ایک ٹائم پر مئی والی جنگ کی طرح دکھا دیا تھا کہ کراچی اور لاہور پر بھی کہہ دیا ہے، اُسی طرح وہ کہہ رہے تھے کہ کوئٹہ میں ہے، انہوں نے اُس کے آپریشن کی نگرانی بھی کی، اس کے گلی محلوں میں گئے، اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے نظر آئے۔ تو وزیر داخلہ اپنی وزارتِ داخلہ کا کام priority پر رکھتے ہیں۔ یہ دورہ اِس دوران ہوا اِس سے پہلے ایک درجن سے زائد دفعہ وزیر داخلہ hardened the state, counter-terrorism اور بلوچستان کے مسائل پر بات چیت کے لیے خود جاتے ہیں، وزارتِ داخلہ کے سیکرٹری سمیت افسران انہیں بلانے کی بجائے خود جاتے ہیں۔

سر! اُس کے بعد کہا گیا کہ وزیر اعظم کیوں نہیں گئے۔ گزارش یہ ہے کہ وزیر اعظم اور Chief of Defence Forces، کوئی اہم ایشو ہو، جعفر ایکسپریس ہوا، وہ تمام قیادت اگلے دن فوری طور پر گئے۔ یہاں سے ابھی سوال اٹھایا کہ کیوں لوگوں کو اکٹھے نہیں بٹھاتے۔ سر! سب کو اکٹھے بٹھایا۔ میں بھی ادھر موجود تھا۔ ہر ایک کو بولنے کا موقع دیا گیا، ہر ایک سے پوچھا گیا، جو چیزیں administratively, governance یا دوسرے سکیورٹی کے معاملات میں ٹھیک ہو سکتی تھیں، اس کا حکم دیا گیا۔ اس کے بعد اِسی ہاؤس میں in-camera briefing ہوئی۔ میں پرانی باتیں یاد کروا کے جو آج اتحاد نظر آ رہا ہے، اسے خراب نہیں کرنا چاہتا، لیکن سر! اسی ہاؤس میں بڑی جماعت، جس کا اپوزیشن لیڈر بھی ہے، وہ نہیں آئے۔

ایک اور بات، دیکھیں میری گزارش ہے، جس طرح کوئٹہ یا بلوچستان کے واقعات پر اس دفعہ maturity دکھائی ہے، اِن کے اپوزیشن لیڈر نے جعفر ایکسپریس کی مذمت نہیں کی تھی۔ میں نے یہ بات بڑی ڈھونڈی ہے۔ اگر in-camera اجلاس ہے، سکیورٹی پر ہے تو کس کے لیے ہے؟ آپ آئیں اور اپنی contribution کریں۔ جب CDF اور وزیر اعظم، دو دفعہ بلوچستان گئے، جب وہاں کی تمام پارلیمانی پارٹیوں کو بلایا، اگر کوئی ایک نہیں آئی تو وہ پی ٹی آئی تھی۔ باقی سب آئے، سب نے کھل کر بات کی۔ ابھی بھی یہ ہمارا پاکستان کا ایشو ہے، یہ ہم سب کا ایشو ہے۔ ہم ہمیشہ چاہتے ہیں کہ تمام سیاسی جماعتیں اس میں role play کریں۔

سر! اُس کے بعد کہا گیا کہ intelligence failure تھا۔ جو success تھی اُسی وجہ سے بچت ہوئی۔ اِن حملوں سے پہلے، ان events سے پہلے، جنہیں یہ بنا کر پیش کیا گیا کہ خدانخواستہ ایک ہی ٹائم پر یہ سب کچھ کیا گیا ہے۔ یہ مختلف اوقات میں soft targets مثلاً کسی بازار، کسی منڈی، کسی بینک اور کسی سکول پر حملہ کیا۔ جیسے ہی سکیورٹی فورسز آتی تھیں، یہ اُدھر مارے جاتے تھے یا پکڑے جاتے تھے نہیں تو بھاگ جاتے تھے۔ اُس میں intelligence کی معلومات کی وجہ سے، یہ سارا کچھ ہونے سے پہلے 48 گھنٹے میں ہرنائی اور پنجگور میں نہ صرف تین درجن سے زائد دہشت گرد مارے گئے، گرفتار ہوئے، ammunition پکڑا گیا اور اُس کے بعد intelligence information ہونے کی وجہ سے

ہماری سکیورٹی فورسز اتنی alert تھیں، دیکھئے ایک شہادت کی بھی کوئی یا میں نہیں کہہ سکتا اس کو justify نہیں کر سکتا۔ نہیں ہونی چاہیئے، مگر کل تک کے figures کے مطابق 177 دہشت گرد تھے، جو ہلاک ہوئے۔ جو ہمارے سکیورٹی فورسز کے بندے شہید ہوئے ہیں وہ exact 30 ہیں، میں اُس کی پوری detail بھی بتادیتا ہوں، اس میں law enforcement 17 کے اہلکار تھے، جس میں 10 پولیس کے، 6 ایف سی کے، ایک لیویز کا تھا۔ 33 گوادر اور مکران کے مزدور تھے۔ اُن کی خواتین قرآن پاک سر پر رکھ کر چیختی رہیں کہ میں بلوچ ہوں۔ یہ بلوچی، بلوچی کہہ کر بلوچ کو نہ مارو۔ دہشت گردوں کی کوئی لسانی یا مذہبی affiliation نہیں ہوتی، یہ دہشت گرد ہوتے ہیں، یہ صرف بہانہ ہے۔ ایک side پر ٹی ٹی پی والے داڑھی رکھ کر، مذہب کا بہانہ بنا کر، اور یہ داڑھی کے بغیر بی ایل اے والے لسانیت کا بہانہ بنا کر وہی کام کر رہے ہیں۔

اگر ہم یہ کارروائی تیزی سے کرتے تو ڈھال کن کو بناتے ہیں؟ صرف جو کوئٹہ کی منڈی میں دہشتگرد گئے، اُن کی clearance کیلئے ٹائم اس لیے لگا کہ وہاں دکاندار، گاہک اور آڑھتی تھے۔ اُن کو identify کرنا، اُن کو علیٰحدہ کرنا، اس کے بعد اُن کو tackle کرنا، 100 سکیورٹی فورسز نے جو کچھ ٹائم لگایا وہ اِس احتیاط سے لگایا کیونکہ یہ چھپتے ہیں انہی بلوچ ماؤں، بہنوں اور بچوں کے پیچھے، جن کے حقوق کا یہ بہانہ بنا کر دہشت گردی کر رہے ہیں۔ اُس کے بعد کہا گیا کہ پاکستان میں ایک side پر کرکٹ ہو رہی تھی۔ یہی تو دہشت گرد چاہتے ہیں کہ آپ کرکٹ بھی بند کر دیں، آپ میلے ٹھیلے بھی بند کر دیں، آپ دکانیں بھی بند کر دیں۔ آپ کاروبار بھی نہ چلنے دیں۔ بلوچستان کا کاروبار ہو یا پاکستان کا ہو وہ بھی نہ چلے یہاں کچھ نہ ہو، نہ کوئی کھیل ہو تاکہ دنیا کو بتایا جا سکے کہ انہوں نے ہمیں مفلوج کر دیا ہے۔ سر! یہ ہم نہیں ہونے دیں گے۔

الحمدللہ ابھی پھر میں دوبارہ یہاں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ National Action Plan 2 پر جس کے 14 نکات ہیں۔ اس کی detail briefing پورے House کی کمیٹی بنا کر رکھیں میں یہ تفصیلات دوں گا کہ کس صوبے نے اس دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے کیا کیا ہے۔ الحمدللہ اس کے باوجود بدقسمتی سے ایک ہمسایہ trained کرتا ہے، بھیجتا ہے دوسرا ہمسایہ مشرق کی طرف انڈیا وہ انہیں finance کرتا ہے اور کہتے ہیں کہ انڈیا، ہمارے پاس شواہد ہیں یہ نہیں کہ nationally دیے ہیں۔ Internationally تسلیم کیے گئے ہیں اسی لیے BLA terrorist organization declare ہوئی ہے۔ TTP ہوئی ہے ہم نے کئی درجن شواہد افغانستان کے training camps سے لے کر وہاں کے لوگوں سے آنے جانے اور اسی طرح انڈیا کی۔ مجھے یہ بتائیے جہاں پر signal نہیں ہیں، بلوچستان میں وہاں کی footage Indian TV پر سب سے پہلے کیسے چل جاتی ہے۔ جیسے کرکٹ میچ کی live commentary ہے ایسے کسی event کی commentary ہوتی ہے۔ پھر AI footage چلائی گئیں۔ پھر اس میں ایسی چیزیں دکھائی گئیں جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ایک پورا international بیانیہ بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ سر! پوری دنیا نے پاکستان میں ہونے والی اس دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔ اگر کسی ایک ملک نے اس کی مذمت نہیں کی تو وہ انڈیا ہے۔ ہمیں کوئی شوق نہیں ہے لیکن حقیقت بتائیں گے۔ خود دہشت گردی کا بہانہ بنا کر کہ ہم دہشت گردی سے بچنا چاہ رہے ہیں انڈیا خود دہشت گردی کو support کرتا ہے بہر حال انڈیا ہو، افغانستان ہو یا کوئی اور ہو لیکن پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور پاکستان

کی سیاسی قیادت نے پہلے بھی دہشت گردی کو شکست دی ہے۔ پہلے بھی امن لے کر آئے ہیں اور ابھی بھی سیکورٹی فورسز اپنا حق ادا کر رہی ہیں ہمیں political forces کو یک زبان ایک بیانیے کے ساتھ ان کے پیچھے کھڑے ہونا ہوگا۔ یہ جنگ جلد جیتی جائے گی جو ہم جیت رہے ہیں۔ شکریہ۔

## ANNOUNCEMENT *REG*: PRESENCE OF A GROUP OF NEWLY ELECTED MEMBERS FROM CHITRAL PRESS CLUB, CHITRAL IN THE GALLERY

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ایک announcement ہے چترال پریس کلب سے نو منتخب نمائندے آئے ہوئے ہیں، ہم ان کو welcome کہتے ہیں۔

**Mr. Deputy Speaker:** The House is adjourned to meet again on Friday, the 6th February, 2026, at 11:00 a.m.

________

*(The House was adjourned to meet again on Friday, the 6th February, 2026, at 11:00 a.m.)*

________